

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پردانا پترا، پوتراجایا میں ملائیشیا کے وزیراعظم، داتو سری انور ابراہیم سے ملاقات کی، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ملائیشیا کا سرکاری دورہ
دفاعی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ

سید عاصم منیر کی ملائیشین وزیراعظم اور وزیر دفاع سے ملاقاتیں، علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال، مسلح افواج کے درمیان ادارہ جاتی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشیا کا سرکاری دورہ کیا اور دفاعی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پردانا پترا، پوتراجایا میں ملائیشیا کے وزیراعظم، داتو سری انور ابراہیم سے ملاقات کی، جس میں دو طرفہ تعلقات، دفاعی اور سلامتی تعاون، اور علاقائی و عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال پر تبادلہ خیال ——(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2پر)

صداقت، ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار
Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21
Dailyaskar.com.pk
Dailyaskarisb@gmail.com
جلد نمبر 24 | بروز منگل 24 نومبر 2026ء / 13 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 28

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر خارجہ ——(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2پر)

ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں جاری مالی سال کے دوران 3.54 ارب ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) ملک کے ——(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات، ملکی صورتحال پر گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات، ملکی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم محمد ——(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

ملائیشیا کے وزیراعظم داتو سری انور ابراہیم سے چیف آف آرمی اسٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پتراجایا میں ملاقات

بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کا اعلان

اعلیٰ عسکری قیادت نے بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا ہے

فاقی حکومت نے بلوچستان میں نوجوانوں کو خودمختار بنانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں، صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کیلئے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی وعسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نے ——(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2پر)

نفرت اور تقسیم کی سیاست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں
بلاول بھٹو زرداری

ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کرسکتے ہیں

ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) کستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ یوتھ کارڈ کا افتتاح کردیا۔ سندھ یوتھ کارڈ کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ یوتھ کارڈ شروع کرکے سندھ حکومت آج ایک بار پھر تاریخ رقم کرنے جارہی ہے۔ سیاست دان نفرت اور تقسیم کی سایست چھوڑ کر عوام کو ریلیف دینے کا سوچیں۔ ہمیں ملک میں ایسا نظام بنانا ہوگا ——(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2پر)

وعدہ نہیں، عملی ثبوت! وزیراعظم شہباز شریف نے ہزاروں خاندانوں کو اپنی چھت کا مالک بنادیا، اپنا گھر پروگرام نے 100 ارب کا سنگ میل عبور کرلیا

اپنا گھر پروگرام کا بڑا سنگ میل
100 ارب سے تقسیم

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا، ساڑھے 6 ماہ میں 18 ہزار 500 گھروں کی تعمیر کیلئے 100 ارب روپے جاری ہوئے، اب رقم 112 ارب تک پہنچ گئی ہے

قرضوں کی تقسیم کرپشن اور سفارش سے پاک رہی، 6 ماہ بعد ایک کھرب روپے تقسیم کرنے کا ہدف حاصل کریں گے

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم اپنا گھر پروگرام نے 100 ارب روپے سے زائد قرضے فراہم کرنے کا سنگ میل عبور کرلیا۔ اسلام آباد میں اس تاریخی کامیابی پر پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے گھر حاصل کرنے والے خاندانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج ہزاروں خاندانوں کیلئے خوشی کا دن ہے، باعزت چھت ہر شہری کا حق ہے اور حکومت اس حق کو حقیقت بنارہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستحق خاندانوں کو بینکوں ——(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2پر)

حساس معلومات کو خطرہ؛ نیب میں پرائیویٹ ملازمین پر اسلام آباد ہائیکورٹ برہم، جواب طلب

بہت افسوس کی بات ہے کہ نیب جیسے اہم ادارے میں پرائیویٹ لوگ بھرتی کیے جارہے ہیں، جسٹس خادم حسین سومرو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے نیب کے نجی کمپنی سے ملازمین کی خدمات لینے کے معاملے پر برہمی کا اظہار کرتے ——(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے پرتگال کے وزیر مملکت وامور خارجہ پاؤلو رینجل ملاقات کررہے ہیں

ایس سی او اجلاس میں پاکستانی وزیر مصدق ملک بھارتی میڈیا کی خصوصی توجہ کا مرکز

اسلام آباد (اے این این) بھارت میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اجلاس میں پاکستان کی موجودگی بھارتی میڈیا کے لیے سب سے بڑی خبر بن گئی۔ پاکستان مخالف منفی پروپیگنڈا میں مصروف رہنے والا بھارتی میڈیا پاکستان کی موجودگی میں عالمی اجلاس کا ایجنڈا ہی بھول گیا، تہذیبی مکالمے ——(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

سرکاری قرضوں کے موثر انتظام کے لیے انتظامی ڈھانچے کی مضبوطی کا فیصلہ

پچھلے سال مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے 6 ہزار ارب روپے قرض لیا

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے سرکاری ——(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے دوران چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی اور ترکیہ کی کورٹ آف کسیشن کے صدر دستاویزات پر دستخط کررہے ہیں

ریفرنڈم کے ذریعے 58ٹو بی دوبارہ بحال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، پیپلز پارٹی

حکومت ریفرنڈم کرانے کے بجائے ملکی مسائل کے حل کی کوشش کرے، چودھری منظور

لاہور (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا ہے ——(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

افغانستان سے تجارت وہاں کی دہشتگردی کے سبب بند ہے، جام کمال

لہذا پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت سے اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے بھارت پہلے کشمیر کے معاملے پر بات کرے، پاکستان تجارت کے لیے تیار ہے

ہمارا موقف ہے سیکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، پاکستان افغانستان کے درمیان تجارت سے زیادہ اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر تجارت جام کمال نے کہا ہے کہ افغانستان سے تجارت وہاں کی دہشتگردی کے سبب بند ہے، پاکستان بار بار افغانستان کو یہ شواہد پیش کررہا ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں۔ پیر کو ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے تحت چوتھی بین الاقوامی فوڈ اے جی نمائش کے افتتاح کے موقع پر میڈیا ٹاک کرتے ——(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال روانہ کرنے کا منصوبہ ہے، پاکستانی سفیر

ماسکو (اے این این) پاکستان سے روس تک براہِ راست مال بردار ٹرین چلانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ ماسکو میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے اسپتنک اردو کو خصوصی انٹرویو میں بتایا کہ اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال کے آخر تک روانہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ ٹرین کوئٹہ، تفتان، تہران، تبریز اور آسترا کے راستے روس پہنچے ——(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان اسمبلی، مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی واپس لینے پر جے یو آئی اور نیشنل پارٹی کا احتجاجی واک آوٹ

سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابلِ قدر ہیں، ان کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں، وزیر داخلہ ضیا اللہ لانگو ونور محمد دمڑ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی واپس لینے کا معاملہ زیر بحث آیا، جہاں رکن صوبائی اسمبلی زابد ریکی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے حکومت کے اقدام کو قابل ——(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان اور یوگنڈا کا زرعی تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں اضافے، ادارہ جاتی تعاون، ٹیکنالوجی کے تبادلے اور مارکیٹ تک بہتر رسائی پر اتفاق کیا گیا۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس منگل آٹھ دسمبر تک ملتوی کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں مقررہ وقت سے نصف گھنٹہ تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین نے ایوان کا اجلاس منگل آٹھ دسمبر دو ہزار چھبیس سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کردیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پینل آف ——(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

روسی خبر رساں ادارے اسپوٹنک کی اردو نیوز سروس کا آغاز، وفاقی وزیر اطلاعات کا خیر مقدم

اسپوٹنک اردو زبان میں نیوز سروس شروع کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا

اسلام آباد (اے این این) روسی خبر رساں ادارے اسپوٹنک نے اپنی اردو نیوز سروس کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے، جس کے بعد وہ اردو زبان میں خبریں فراہم کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے نئی سروس کے ——(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر مملکت وامور خارجہ پاؤلو رینگل سے اسلام آباد میں ون آن ون ملاقات دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کا جائزہ لیا۔

الزامات مسائل کا حل نہیں، پاکستان کے پاس دہشتگردی کے شواہد ہیں، مصدق ملک

دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے

پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم کرنے کا مطالبہ کرچکا ہے، وفاقی وزیر

نئی دہلی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ الزامات لگانے سے مسائل کا حل نہیں نکلتا، پاکستان کے پاس دہشت گردی کے شواہد موجود ہیں۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کہا کہ دہشت گردی کا معاملہ ضرور زیر بحث آئے گا، تاہم اس حوالے سے ہونے والی ہر بات مستند شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ محض الزامات لگانے کے بجائے حقائق سامنے لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اثرات سب سے زیادہ پاکستان نے برداشت کیے ہیں، جبکہ پورا خطہ اس سنگین مسئلے سے متاثر ہے۔ اس چیلنج سے نمٹنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ممالک کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک دوسرے پر الزامات عائد کرنے اور اشتعال ——(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

لیبیا کی بندرگاہ پر مشتبہ ڈرون حملے میں روسی جنگی جہاز ڈوب گیا

روسی اور لیبیائی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے، جنہیں معمولی زخم آئے

طرابلس (اے این این) لیبیا کی ایک بندرگاہ پر مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں روسی جنگی جہاز ڈوبنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی رپورٹس کے مطابق حملے میں بندرگاہ پر موجود روسی بحری جہاز کو نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد جہاز کو شدید نقصان پہنچا ——(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

امریکہ ہماری شرائط پوری کردے تو چند گھنٹوں میں آبنائے ہرمز کھول سکتے ہیں، ایران

ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹیں گے؛ ترجمان وزارت خارجہ

تہران (جی این ایم) ایران نے کہا ہے کہ اگر امریکہ ہماری شرائط پوری کردے تو وہ چند گھنٹوں کے اندر آبنائے ہرمز میں سیکیورٹی بحال کرکے اسے دوبارہ کھول سکتا ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے میڈیا بریفنگ کے دوران ——(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

محسن نقوی کی چوہدری شجاعت سے ملاقات، نئے صوبوں کے معاملے پر تبادلہ خیال

عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

انتظامی یونٹس کو مضبوط اور بااختیار بنانا موثر راستہ ہوسکتا ہے' سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین

لاہور (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے لاہور میں ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کی ملک کی مجموعی صورتحال اور امن و امان کے حکومتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی، چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا تعلق براہِ ——(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی وزیر برائے قومی صحت مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ٹارگٹڈ اصلاحات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نے عدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا، چیف جسٹس پاکستان

پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں، ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان عدالتی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کردیئے گئے۔ اسلام آباد میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ترکیہ کے کورٹ آف کیسیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی تقریب ہوئی، دونوں ممالک کی اعلیٰ عدالتوں کے درمیان ادارہ جاتی مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان اور صدر ترکیہ کورٹ ——(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

**ملکی معاشی ترقی کے لیے باصلاحیت اور دیانتدار پیشہ ور ماہرین کی ضرورت ہے، گیلانی

نوجوان اپنی پیشہ ورانہ کامیابی کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی کو بھی ترجیح دیں، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی اور خوشحالی میں پیشہ ور ماہرین کا کردار انتہائی اہم ہے، پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لئے باصلاحیت، بااخلاق اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ——(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق کیس؛ اہم چشم دید گواہان کے بیانات ریکارڈ

عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا صفائی کو جراح کی ہدایت کردی

اسلام آباد (اے این این) گروپ کیپٹن شہید عاصم طارق کیس میں استغاثہ کے دونوں اہم چشم دید گواہان کے بیانات ریکارڈ کرلیے گئے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی۔ سرکار کی جانب ——(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ راولپنڈی میں اصغر مال کے قریب 400 بستروں پر مشتمل بچوں کا اسپتال قائم کیا جائے گا۔

امریکا ''ڈرٹی بم'' کا جھوٹا الزام عائد کرنا جنگ کا ایک نیا بہانہ ہے؛ ایران

امریکی خفیہ اداروں کے بقول ایران ٹرمپ کی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ تیار کررہا ہے

تہران (اے این این) ایران نے امریکا کی جانب سے واشنگٹن میں ڈرٹی بم حملے کی مبینہ منصوبہ بندی کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے اسے جنگ کے جواز پیدا کرنے کی کوشش قرار دے دیا۔ یہ بات ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تسنیم نیوز ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے مزید کہا کہ جوہری ہتھیاروں سے متعلق بے بنیاد الزامات کے بعد اب امریکی حکام نے اہران پر ڈرٹی بم حملے کا ایک نیا الزام عائد شروع کردیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایسے الزامات کا مقصد امریکی حکومت کو ایران کے خلاف غیر قانونی اور ناجائز جنگ شروع کرنے پر عوامی احتساب سے بچانا ہے۔ یاد رہے کہ امریکی نشریاتی ادارے سی این این ——(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کا سنگ میل، 100 ارب سے زائد قرض شہریوں میں تقسیم

اپنا گھر پروگرام کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، وزیر اطلاعات کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت 100 ارب روپے سے زائد کے قرضے شہریوں کو ملنے کا سنگ میل عبور کرلیا گیا۔ اسلام آباد میں وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ مرد مکان تعمیر کرتا ہے اور عورت اسے گھر بناتی ہے، کئی بہنیں ایسی ہیں جنہوں نے مکان تعمیر کیا اور اسے گھر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کی کامیابی کیلئے کئی اجلاس منعقد کیے گئے، اپنا گھر پروگرام نے 100 ارب روپے سے زائد کے قرضے فراہم کرنے کا سنگ میل عبور کرلیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ آج کی تقریب میں پاکستان سے آئے ——(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی لاہور میں مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا ہے کہ عوام کی خواہشات کے مطابق تمام فیصلے کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

اسلام آباد ہائی کورٹ' بچوں کے سوشل میڈیا استعمال، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ متعلق کیس

وفاقی حکومت سے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ ایک ماہ میں طلب' مزید سماعت 23 دسمبر تک ملتوی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بچوں کے سوشل میڈیا استعمال، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ متعلق کیس میں وفاقی حکومت سے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ کی جواب کے لیے مزید وقت دینے کی استدعا منظور کرتے ہوئے عدالت نے وفاقی حکومت کو جواب جمع کروانے کے لیے ایک ماہ کا وقت دے دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے متعدد درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے وکلا اور سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت، ایڈیشنل اٹارنی جنرل استدعا کی کہ 13 نومبر کو تمام اسٹیک ہولڈر کی میٹنگ ہوئی ہے، عدالت جواب کے لیے وقت دے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ 2020 کے سوشل میڈیا رولز سے متعلق درخواستیں غیر موثر ہوچکی ہیں۔ وکیل درخواست گزار نے 2020 کے سوشل میڈیا رولز کے خلاف درخواست غیر مئوثر ہونے پر واپس لے لی۔ عدالت نے 2021 کے سوشل میڈیا رولز کے خلاف درخواست پر وفاق کو جواب جمع کروانے کی ہدایت بھی کردی۔ عدالت ——(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈی آئی خان' دہشتگردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام

پولیس نے مشکوک جان کر دو گاڑیوں کی تلاشی لی تو خفیہ خانوں سے اسلحہ برآمد ہوا، حکام

ڈی آئی خان (اے این این) پولیس نے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں مغل کوٹ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی کوشش ناکام بنا دی اور 2 گاڑیوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا۔ حکام کے مطابق مغل کوٹ چیک پوسٹ پر ناکہ بندی کے دوران 2 مشکوک کاروں کی تلاشی لی گئی، جس کے دوران گاڑیوں میں بنائے گئے خفیہ خانے پکڑے گئے۔ کارروائی کے دوران 2 عدد HMG رائفلیں، 5 عدد M249 بیرلز اور 22 ——(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستانی وزیر سے باضابطہ مذاکرات نہیں ہوئے، بھارتی وزیر ثقافت

بھارتی وفد کے ارکان کی پاکستانی وزیر سے ملاقاتیں ہوئیں اور مختلف امور پر غیر رسمی تبادلہ خیال بھی کیا گیا

نئی دہلی (اے این این) بھارتی وزیر ثقافت وویک اگروال نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے پہلے تہذیبی مکالمہ فورم کے موقع پر پاکستان اور بھارت کے درمیان کوئی باضابطہ دوطرفہ مذاکرات نہیں ہوئے، تاہم دونوں ملکوں کے وفود کے ارکان کی غیر رسمی ملاقاتیں اور بات چیت ضرور ہوئی۔ تین روزہ ایس سی او تہذیبی مکالمہ فورم کے اختتام پر بھارتی وزیر ثقافت وویک اگروال نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستانی وفاقی وزیر مصدق ملک سے بھارتی حکام کی کوئی باضابطہ دوطرفہ ملاقات طے نہیں ہوئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ اجلاس ——(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان کی خلا میں تاریخی اُڑان کی تیاریاں مکمل

دو پاکستانی خلا نوردوں کی چین میں خصوصی تربیت مکمل، حتمی انتخاب تاریخی خلائی پرواز سے قبل ہوگا

اسلام آباد (اے این این): وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال پاکستان کے پہلے تاریخی خلائی مشن کی تیاریوں کے سلسلے میں چین کے شہر جیایوگوان پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا پہلا خلا نورد چینی خلائی اسٹیشن کا پہلا غیر ملکی مہمان بن کر ملکی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے اس تاریخی خلائی مشن کے لیے دو پاکستانی خلا نورد چین میں خصوصی تربیت کامیابی سے مکمل کرچکے ہیں، جبکہ ان میں سے ایک کا حتمی انتخاب خلائی پرواز سے قبل کیا جائے گا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی خلا نورد کی تاریخی خلائی پرواز پاک چین خلائی تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ یہ مشن نہ صرف پاکستان کی خلائی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل ہوگا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان فولادی دوستی اور سائنسی وتکنیکی تعاون کی ایک نئی علامت بھی بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا یہ تاریخی خلائی مشن قومی سائنسی صلاحیتوں کے اظہار اور خلائی تحقیق کے شعبے میں مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن ——(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

بقیہ 01

ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر غور کیا اور علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینے کیلئے جاری رابطوں کی اہمیت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشین وزیراعظم نے فیلڈ مارشل کا پرتپاک استقبال کیا اور پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دیرینہ دوستی، اعتماد اور تعاون کے رشتے کو سراہا، انہوں نے دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ملائیشیا کی وابستگی کا اعادہ کیا۔ فیلڈ مارشل نے جنوب مشرقی ایشیا میں امن و استحکام کو فروغ دینے میں ملائیشیا کے تعمیری کردار کی تعریف کی اور دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان دفاعی تعاون اور ادارہ جاتی رابطوں کو مزید گہرا کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے نے اعلیٰ سطح کے تبادلوں، فوجی تعاون کو بڑھانے اور علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے مسائل پر مسلسل مکالمے کے ذریعے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشیا کی وزارت دفاع پہنچنے پر فیلڈ مارشل کو ایک تقریب میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، چیف آف ڈیفنس فورسز ملائیشیا جنرل تان سری حاجی مالیک رزاق سلیمان اور ملائیشیا کی آرمی، رائل میرین اور رائل ایئر فورس کے سربراہان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملائیشین وزیر دفاع داتو سری محمد خالد بن نوردین سے بھی اہم ملاقات کی جس میں عسکری روابط بڑھانے اور مسلح افواج میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کا بھی دورہ کریں گے، خصوصی تقریب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ادارے کے باوقار ''ہال آف فیم'' کے 21 ویں رکن کے طور پر شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 02

شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیراعظم شہباز شریف کو ملک میں امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ دی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کے دوران موجودہ ملکی صورتحال سمیت اہم امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سے قبل وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چودھری شجاعت حسین کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، امن و امان اور حکومتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے، ملاقات میں وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین اور صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین بھی موجود تھے۔

بقیہ 03

زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر میں جاری مالی سال کے آغاز سے لے کر اب تک 3.54 ارب ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے اختتام پر ملک کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر کا حجم 23.23 ارب ڈالر تھا، جس میں سٹیٹ بینک کے پاس موجود ذخائر 18.37 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے پاس موجود ذخائر 4.85 ارب ڈالر تھے۔ اعداد و شمار کے مطابق 13 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے اختتام پر ملک کے زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر بڑھ کر 26.77 ارب ڈالر ہو گئے۔ اس دوران سٹیٹ بینک کے پاس موجود ذخائر کا حجم 21.58 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے پاس موجود ذخائر 5.18 ارب ڈالر ریکارڈ کیے گئے۔ اس طرح جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 3.21 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے ذخائر میں 331 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق ملک کے زرمبادلہ کے موجودہ ذخائر 3.93 ماہ کی درآمدات کے لیے کافی ہیں۔

بقیہ 04

اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پرتگالی وزیر خارجہ پالو رینجل نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ پالو رینجل نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرتگال کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ میں پاکستان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کے فروغ میں پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے کردار کو سراہا، رہنماں نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 05

جس پر حکومت اور اپوزیشن دونوں اعتماد کرسکیں تبھی ہم مشکل معاشی حالات کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حالات سے میں خود مایوس ہوں تو پاکستان کے نوجوانوں کی کیا حالت ہوگی، اگر کوئی ری سیٹ ہونا ہے تو وہ سیاسی ری سیٹ ہوگا، ہمیں اداروں پر اعتماد بحال کرنا ہوگا، ملک کا بچہ بچہ کرپشن سے نفرت کرتا ہے، اختلاف رائے ایک طرف رکھ کر عوام کا سوچنا ہوگا۔ نفرت کو پھیلائیں گے تو ہم کسی بحران کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 16 سے 29 سال عمر کے سندھ کے نوجوانوں کو یوتھ کارڈ دیے جائیں گے، ابتدا میں ایک لاکھ نوجوانوں کو یوتھ کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ یہ کارڈ ویزہ کارڈ کی طرح ہوگا جو عالمی مالیاتی نظام سے منسلک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں کوئی سب سے زیادہ تکلیف میں ہے تو وہ ہمارا نوجوان طبقہ جس کے پاس روزگار نہیں ہے، ہم محدود وسائل میں نوجوانوں کو مدد پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نوجوانوں کو ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں سبسڈی دلوانے کی بھی کوشش کریں گے، اسکالرشپس سمیت تمام مالی فوائد نوجوانوں کو اسی کارڈ کے ذریعے پہنچائیں گے، پرائیویٹ سیکٹر سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس کارڈ پر نوجوانوں کیلئے سہولیات متعارف کرائیں۔

بقیہ 06

بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کیلئے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا۔ بلوچستان کے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت کے مشکور ہیں۔ وفاقی حکومت نے بلوچستان میں نوجوانوں کو خودمختار بنانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے شاندار اقدامات کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کے لیے 25 ہزار سے زائد ملازمتوں کے جامع پلان پر اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے اظہار تشکر کیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی جانب سے صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ اعلیٰ عسکری قیادت نے بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلے آواز اٹھائی۔ بلوچستان بھر کے باصلاحیت نوجوانوں کو برابری کی بنیاد پر مواقع فراہم کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں نے بھی روشن مستقبل اور ترقی کے بہترین مواقع فراہم کرنے پر وفاقی حکومت کے احسن اقدام کو بھرپور سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلوچستان کے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے پر اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت کے مشکور ہیں۔

بقیہ 07

کے ذریعے قرضوں کی فراہمی ایک بڑی اور قابل تعریف کامیابی ہے، یہ پورا عمل کرپشن، سفارش اور پسند ناپسند سے پاک رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف ساڑھے 6 ماہ کے مختصر عرصے میں اپنا گھر پروگرام کے تحت 18 ہزار 500 گھروں کی تعمیر کیلئے 100 ارب روپے تقسیم کیے گئے۔ اب یہ رقم بڑھ کر 112 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے جبکہ 500 ارب روپے کے قرضے منظور ہو چکے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اعلان کیا کہ 6 ماہ بعد ایک کھرب روپے تقسیم کرنے کا ہدف حاصل کرنے پر دوبارہ تقریب منعقد ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ گھروں کی تعداد کوئی معنی نہیں، جو بھی مستحق شہری ہے اسے اپنا گھر ملے گا۔ حکومت کا مقصد ہے کہ کوئی بھی شہری بے گھر نہ رہے اور ہر خاندان کو باعزت چھت میسر آئے۔

بقیہ 08

ہوئے پیر تک جواب طلب کرلیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے دوران سماعت ریمارکس دیے کہ یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ نیب جیسے اہم ادارے میں پرائیویٹ لوگ بھرتی کیے جا رہے ہیں۔ نیب کے پاس حساس معلومات ہوتی ہیں، پرائیویٹ لوگ کیسے کام کر سکتے ہیں؟ دوران سماعت جسٹس خادم حسین سومرو نے ریمارکس دیے کہ پہلے نیب خود کے ساتھ انصاف کرے گا تو پھر عوام کے ساتھ انصاف ہوگا۔ ایک پرائیویٹ کمپنی سے کنٹریکٹرز کو نیب نے اٹھا لیا۔ درخواست گزار ضمیر لغاری کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پہلے انہوں نے کنٹریکٹ پر بھرتی کیا اور سروسز لیتے رہے، پھر ان کو ریگولرائز نہیں کیا اور پرائیویٹ کمپنی سے کنٹریکٹ پر سروسز لے رہے ہیں۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ ہم نیب کو بلا کر پوچھ لیتے ہیں کہ یہ سب کچھ کیوں کر رہے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے ایاز محمد طاہر کی درخواست پر سماعت مکمل کرتے ہوئے پیر تک نیب سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 09

قرضوں کے مؤثر انتظام کے لیے انتظامی ڈھانچہ مضبوط بنانے کی تیاری کرلی۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف شرائط کے تحت دو اہم عہدوں پر بھرتی کے لیے درخواستیں طلب کرلی گئی۔ پچھلے سال مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے تقریبا 6 ہزار ارب روپے قرض لیا۔ مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے قرضوں کا بڑھتا حجم، بروقت ادائیگیوں اور مقامی و بیرونی قرضوں پر انحصار میں توازن پیدا کرنے کے چیلنج کے پیش نظر حکومت نے قرضوں کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے نئی بھرتیوں کا فیصلہ کرلیا۔ آئی ایم ایف شرائط کے تحت ڈیبٹ مینجمنٹ آفس میں ڈائریکٹر آپریشنز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسٹریٹجی اینڈ آپریشنز کی اسامیوں پر درخواستیں طلب کرلیں۔ دونوں عہدوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ پانچ دسمبر مقرر۔ مرکزی ڈائریکٹوریٹ نیشنل سیونگز میں ڈائریکٹر جنرل کی اسامی پر بھی بھرتی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ حکومت نے مقامی اور بیرونی ذرائع سے مجموعی طور پر 5 ہزار 967 ارب روپے کی خالص فنانسنگ حاصل کی۔ بجٹ خسارے کا 75 فیصد مقامی جبکہ 25 فیصد بیرونی ذرائع سے پورا کیا گیا۔ بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی خالص فنانسنگ تقریبا دوگنا اضافے کے ساتھ ایک ہزار 177 ارب روپے تک پہنچ گئی۔ بیرونی قرضوں سے حاصل رقم دو ہزار 882 ارب سے بڑھ کر تین ہزار 805 ارب روپے ہوگئی۔ اسی عرصے میں دو ہزار 627 ارب روپے کے بیرونی قرضے واپس بھی کیے گئے۔ مقامی قرضوں کا حجم بھی 31 ہزار 320 ارب سے بڑھ کر 33 ہزار 43 ارب روپے تک جا پہنچا۔ مقامی ذرائع سے مجموعی قرضوں کے حصول میں ایک سال کے دوران ساڑھے 5 فیصد اضافہ ہوا۔ حکومت نے 28 ہزار 264 ارب روپے کے مقامی قرضے واپس کیے۔

بقیہ 10

کے لیے منعقدہ عالمی اجلاس بھارتی میڈیا کی توجہ کے باعث پاکستان کے تذکرے میں تبدیل ہوگیا۔ ایس سی او اجلاس کی بھارتی کوریج میں پاکستانی وفد کی موجودگی اور سرگرمیوں کو غیر معمولی اہمیت دی گئی۔ پاکستانی وزیر مصدق ملک کی اہلیہ کی اجلاس کے دوران مختلف سرگرمیاں بھی بھارتی میڈیا کی توجہ سمیٹتی رہیں۔ بھارت کے پاکستان کو نظرانداز کرنے کے نام نہاد دعوں کے باوجود عالمی اجلاس میں بھارتی میڈیا کی رپورٹنگ میں پاکستان نمایاں ترین موضوع رہا۔

بقیہ 11

ہوئے وزیر تجارت نے کہا کہ مصدق ملک ایک کثیر جہتی انتظام کے تحت بھارت گئے ہیں، پاکستان کا واضح موقف ہے کہ لاء اینڈ آرڈر اور سیکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا لہٰذا پاکستان اور افغانستان کے درمیان تجارت سے اہم نیشنل سیکیورٹی کا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جان بوجھ کر کسی ملک کے ساتھ تعلقات خراب نہیں کرتا، بھارت پہلے کشمیر کے معاملے پر بات کرے، پاکستان تجارت کے لیے تیار ہے۔ جام کمال نے کہا کہ انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے پورے ملک میں بحث چل رہی ہے، سیاسی جماعتیں انتظامی یونٹس اور نئے صوبے بنانے پر اپنا اپنا موقف پیش کر رہی ہیں، نئے صوبوں کے قیام پر وزیراعظم جو کہیں گے اس پر عمل کرنے کا پابند ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی دستیابی کا معاملہ صوبائی حکومتوں کا ہے، وفاق صوبائی حکومتوں کی ڈیمانڈ پر پاسکو سے گندم فراہم کرتا ہے، صوبائی حکومتیں گندم کے معاملے پر اعداد و شمار کا از سر نو جائزہ لیں، صوبائی حکومتوں کے پاس گندم کے معاملے پر صحیح ڈیٹا موجود نہیں ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان کی زرعی صلاحیت کو دنیا کو دکھانے کا ایک پلیٹ فارم ہے، یہ سال دنیا کے لئے چیلنجنگ رہا ہے، خیال تھا کہ عالمی حالات میں عالمی خریداروں کی حاضری کم ہوگی لیکن پاکستان کی فوڈ صلاحیت دیکھنے پہلے سے زیادہ لوگ آئے ہیں دنیا کے مختلف ممالک کے وزیر تجارت اور دیگر مہمان بھی آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پرائیوٹ سیکٹر کی نمائش ہے دنیا کے آٹھ مہینے میں فریٹ چارجز، انشورنس اور دیگر لاگت بڑھی ہیں، نمائش میں لوگوں کا دنیا سے آنا اس مقصد کی نشاندہی کرتی ہے کہ وہ تجارت کو بحال کرنا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر پروپیگنڈا کی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کی فوڈ ایگ نمائش دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، ہمیں زرعی ویلیو ایڈیشن میں کام کرنا ہے۔ دو ممالک کے درمیان تجارت کے بیش بہا مواقع ہیں۔ فوڈ ایگ 2026ء کی افتتاحی تقریب میں وفاقی و صوبائی وزراء، سیاسی شخصیات اور سفارت کار بھی موجود تھے، نمائش میں 72 ممالک کے 820 بین الاقوامی مندوبین شریک ہیں اور 400 نمائش کنندگان اپنی مصنوعات پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ 12

مذمت قرار دیا اور احتجاجا ایوان سے واک آوٹ کر گئے، جبکہ نیشنل پارٹی کے اراکین نے بھی اس معاملے پر احتجاج کرتے ہوئے واک آوٹ کیا۔ اجلاس چیئرمین آف پینل ڈاکٹر اشوک کمار کی زیر صدارت نصف گھنٹہ تاخیر سے منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران زاہد ریکی نے کہا کہ ان کے قائد مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی ختم کر دی گئی ہے، حالانکہ ان پر متعدد مرتبہ قاتلانہ حملے ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں ان کی سیکیورٹی واپس لینا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے قائد کو کوئی نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری وزیراعظم پر عائد ہوگی۔ اس کے بعد وہ احتجاجا ایوان سے واک آٹ کر گئے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ افسوسناک ہے، نیشنل پارٹی کے اراکین اس صورتحال پر احتجاجا واک آٹ کرتے ہیں۔ دوسری جانب رکن اسمبلی نور محمد دمڑ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی حفاظت کے لیے اتنی بڑی قربانیاں دینے والے اداروں کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں۔ رہنما خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو، اسے ملکی افواج کے خلاف بات کرنا زیب نہیں دیتا۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے ایوان کو بتایا کہ انہیں مولانا فضل الرحمٰن کی سیکیورٹی کے حوالے سے علم نہیں، تاہم مولانا فضل الرحمٰن ملک کے ایک زیرک سیاستدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے، جب ہم رات کو سکون سے سوتے ہیں تو ہمارے سیکیورٹی ادارے ملک کی حفاظت کے لیے جاگ رہے ہوتے ہیں، ایسے اداروں کے خلاف بات کرنا مناسب نہیں۔

بقیہ 13

گی اور واپسی پر بھی تجارتی سامان لائے گی۔ پاکستانی سفیر کے مطابق بحیرہ اسود کی بندرگاہوں پر مسائل کے باعث زمینی راستوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ اس وقت ایک کنٹینر کی ترسیل پر 10 سے 11 ہزار ڈالر خرچ آتا ہے۔ جو ریلوے رابطہ شروع ہونے کے بعد صرف 4 ہزار ڈالر تک رہ سکتا ہے۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان اور روس کے درمیان تجارت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 14

کہ آئین میں تبدیلی کا حق سینیٹ اور قومی اسمبلی کے پاس ہے لیکن حکومت ریفرنڈم کے ذریعے چور دروازے سے آئین کی دیوار توڑ کر اندر داخل ہونے کی کوشش کر رہی ہے، اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ 58 ٹو بی دوبارہ بحال کرنے جا رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رہنماں چودھری منظور اور ندیم افضل چن کا کہنا تھا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے صوبائی خودمختاری، میڈیا اور عدلیہ کی آزادی، علاقائی صورتحال، صوبوں کے معاملے اور دیگر معاملات پر بات کی لیکن صرف ایک معاملہ ہے جس پر سب سے زیادہ بحث ہو رہی ہے۔ چودھری منظور نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ایک سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ اگر عوام خود بول پڑیں تو نمائندے کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فرض کرلیا جائے کہ عوام ریفرنڈم پر اپنی رائے دیں تو کیا اس رائے کو آئین کے اندر تبدیلی تصور کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں تبدیلی کا ایک طریقہ کار موجود ہے، آئین میں تبدیلی کا حق سینیٹ اور قومی اسمبلی کے پاس ہے، آرٹیکل 239 کے علاوہ کوئی آرٹیکل دکھا دیں جس میں صوبائی اسمبلی کو ویٹو کا اختیار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین ایک چار دیواری ہے جس میں داخل ہونے یا باہر جانے کا راستہ نہیں ہے، کیا آپ ریفرنڈم کے ذریعے ایک چور دروازے سے آئین کی دیوار کو توڑ کر اندر داخل ہونا چاہتے ہیں، اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ 58 ٹو بی دوبارہ بحال کرنے جا رہے ہیں۔ رہنما پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 239 میں طریقہ کار موجود ہے کہ کس طرح نئے صوبے بنیں گے، اس کے لیے پہلے قومی اسمبلی اور پھر صوبائی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے، اگر صوبائی اسمبلی دو تہائی اکثریت سے اسے نامنظور کردے تو معاملہ صدر کے پاس نہیں جاسکتی، اس سے واضح ہے کہ صوبائی اسمبلی کو صرف ایک آرٹیکل کے ذریعے ویٹو کا اختیار دیا گیا ہے۔

بقیہ 15

چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں مقررہ وقت سے نصف گھنٹہ تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین نے ایوان کا اجلاس منگل آٹھ دسمبر دو ہزار چھبیس سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کردیا۔

بقیہ 16

آغاز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے پاکستان اور روس کے عوام کے درمیان روابط اور باہمی اعتماد کو فروغ ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے اسپوتنک اردو سروس کے آغاز پر خصوصی ویڈیو پیغام میں ادارے کی انتظامیہ اور ادارتی ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ نئی اردو سروس دونوں ممالک کے عوام کو قریب لانے کے ساتھ باہمی افہام و تفہیم کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر اسپوتنک نے پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی کا ماسکو میں اپنے اسٹوڈیو میں پہلا اردو انٹرویو بھی ریکارڈ کیا۔ انٹرویو میں پاکستانی سفیر نے پاکستان اور روس کے تعلقات اور دونوں ممالک کے درمیان میڈیا روابط کی اہمیت اجاگر کی۔ اسپوتنک کے مطابق ادارہ دنیا بھر میں 30 سے زائد زبانوں میں خبریں فراہم کر رہا ہے، جبکہ یورپ، ایشیا، افریقا اور دیگر خطوں میں اس کے 26 ادارتی مراکز قائم ہیں۔ ادارے کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر 3 کروڑ 40 لاکھ سے زائد سبسکرائبرز ہیں، جبکہ اس کی ریڈیو نشریات 21 کروڑ سے زائد سامعین تک پہنچتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے متوقع دورہ روس سے قبل اسپوتنک اردو سروس کا آغاز پاکستان اور روس کے درمیان میڈیا تعاون کے حوالے سے اہم پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔ نئی سروس کے ذریعے پاکستانی عوام کو روسی ثقافت، معاشرت اور مختلف شعبوں میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہی حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ بی بی سی اور وائس آف امریکہ کے بعد اسپوتنک کی اردو سروس کا آغاز بھی اردو زبان کی عالمی اہمیت اور بین الاقوامی ابلاغ میں اس کی بڑھتی ہوئی ضرورت کا اعتراف ہے۔

بقیہ 17

انگیز بیانات دینے سے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ پاکستان متعدد مرتبہ بھارت سے دہشت گردی کے حوالے سے ٹھوس ثبوت فراہم کرنے کا مطالبہ کر چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے پاس بھی دہشت گردی سے متعلق شواہد موجود ہیں، جن کا تبادلہ دونوں ممالک باہمی رابطے کے ذریعے یا کسی موزوں فورم پر کر سکتے ہیں۔ مصدق ملک کا دوٹوک انداز میں کہنا تھا کہ دہشت گردی کے معاملے پر گفتگو حقائق اور شواہد کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔

بقیہ 18

کہا کہ معاہدے اور متعلقہ شرائط کی تکمیل کی صورت میں ایران بہت تیزی سے اقدامات کر سکتا ہے، تاہم تہران ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گا، ان کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس انتباہ کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا ہے، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ اگر نئے سال تک ایران کے ساتھ معاہدہ نہ ہو سکا تو دوبارہ جنگ شروع کرنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان سے اس حوالے سے سوال کیا گیا تھا کہ آیا معاہدہ طے پانے کے دو گھنٹے کے اندر اس اہم آبی گزرگاہ کو مکمل طور پر کھولا جاسکتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران اپنے وعدوں کی پاسداری کے لیے پرعزم ہے اور دوسری جانب کی جانب سے متعلقہ شرائط پوری کیے جانے کی صورت میں جلد از جلد ان پر عمل درآمد کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے امریکہ کی جانب سے مسلسل دھمکیوں اور جنگ میں کامیابی کے دعوؤں کو بھی مسترد کر دیا، انہوں نے کہا کہ واشنگٹن کی طرف سے فتح کے اعلانات تقریبا روزانہ کا معمول بن چکے ہیں، تہران ایرانی عوام کے حقوق اور قومی مفادات کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹے گا، ایران اپنے مقاصد اور عوام کے حقوق سے پوری طرح آگاہ ہے اور ان کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا، امریکی دھمکیاں ایرانی عوام کو اپنی سرزمین یا قومی وقار سے دستبردار نہیں کر سکتیں بلکہ اس طرح کے بیانات ملک کے عزم اور اتحاد کو مزید مضبوط کرتے ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب چند گھنٹے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ اگر نئے سال تک ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ نہ ہو سکا تو وہ دوبارہ جنگ شروع کرنے پر آمادہ ہو سکتے ہیں، ایک طرف امریکی صدر کے اس بیان نے کشیدگی اور خدشات کو ہوا دی تو دوسری جانب ایرانی عسکری قیادت کے سخت بیانات، زیر زمین میزائل سرنگوں اور نئے لانچر کی نمائش کے بعد سفارتی محاذ پر اسماعیل بقائی کے تازہ بیان نے مشروط پیشرفت اور سخت مقف کے درمیان موجود کشمکش کو نمایاں کردیا۔

بقیہ 19

اور وہ سمندر میں ڈوب گیا۔ لیبیا کے مشرقی شہر بنغازی میں بحری اڈے پر موجود روسی بحریہ کے جنگی جہاز مرکری کو مشتبہ سمندری ڈرون حملے میں شدید نقصان پہنچا، جس کے بعد جہاز الٹ کر جزوی طور پر سمندر میں ڈوب گیا۔ لیبیا کے حکام کے مطابق حملے کے نتیجے میں دھماکہ ہوا اور جہاز میں آگ لگ گئی، جسے بعد میں بجھا دیا گیا۔ روسی جنگی جہاز بنغازی کے بحری اڈے پر ایندھن اور رسد لینے کے لیے لنگر انداز تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق جہاز کو سمندری ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا۔ ابتدائی مطابق 6 ڈرون حملے میں استعمال ہوئے، جن میں سے 4 کو روک لیا گیا جبکہ 2 جہاز سے ٹکرا گئے۔ سیٹلائٹ تصاویر میں جہاز کا بڑا حصہ الٹا اور پانی میں ڈوبا ہوا دکھائی دیا۔ روسی اور لیبیائی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے، جنہیں معمولی زخم آئے۔

بقیہ 20

آف لیسیشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور ترکیے کے تعلقات وقت کیساتھ مضبوط ہوئے ہیں، پاک ترکیہ عدالتی تعاون دونوں برادر ممالک کو قریب لائے گا، معاہدہ عدالتی تعاون کو نئی بلندیوں پر لے جائے گا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے مزید کہا کہ قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں، پاکستان نے عدالتی نظام میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں، عدالتی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ای کورٹس سے انصاف تک رسائی آسان ہوگی، معاہدہ دونوں ممالک کے عدالتی نظام کو جدید بنائے گا۔ ترکیہ کورٹ آف کیسیشن کے صدر عمر کریز نے کہا کہ پاکستان کیساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، پاکستان کیساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں۔ عمر کریز نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عدالتی نظام مؤثر اور شفاف بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 21

پیشہ ور افراد کی ضرورت ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ملتان میں انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے پاکستان) کے 36 ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کامیابی کا معیار صرف تعلیمی اسناد کا حصول نہیں بلکہ دیانتداری، پیشہ وارانہ اخلاقیات اور عملی زندگی میں ذمہ داریوں کو احسن انداز میں ادا کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی سی ایم اے پاکستان نے ملکی صنعت، کارپوریٹ شعبے اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے جبکہ ادارے کا 75 سالہ سفر پیشہ وارانہ تعلیم کے فروغ اور قومی تعمیر کے لئے قابل قدر خدمات کا مظہر ہے۔ انہوں نے ادارے کی قیادت کو پیشہ ورانہ تعلیم کے فروغ اور مستقبل کے کاروباری رہنماؤں کی تیاری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے پیشہ وارانہ تعلیم مکمل کرنے والے طلبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گریجویشن اختتام نہیں بلکہ نئی ذمہ داریوں اور مواقع کا آغاز ہے، نوجوان اپنی پیشہ وارانہ کامیابی کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی کو بھی ترجیح دیں کیونکہ فارغ التحصیل طلبہ کی حقیقی کامیابی ملک وقوم کے لئے ان کی خدمات میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسے ماہرین کی ضرورت ہے جو جدید معاشی تقاضوں کو سمجھتے ہوئے ملکی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں، پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ دیانتداری اور قومی ذمہ داری کا احساس معاشی ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔ اس موقع پر آئی سی ایم اے پاکستان کے صدر محمد یاسین نے ادارے کی تاریخ، پیشہ وارانہ تعلیم اور قومی خدمات پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے اختتام پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کامیاب طلبہ میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیں۔

بقیہ 22

سے اسپیشل پراسیکیوٹر راجا نوید حسین عدالت میں پیش ہوئے۔ پراسیکیوٹر راجا نوید حسین نے دلائل دیے کہ وکلا صفائی آج ہی گواہان پر جرح کریں، ہم نے 20 گواہان کے بیانات کروا لیے مگر جرح نہیں ہو رہی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر وکلا صفائی کو جراح کی ہدایت کردی جبکہ اگلی استغاثہ کے بقیہ تمام گواہان کو طلب کرلیا۔ کیس میں مجموعی طور پر 20 گواہان کے بیانات ریکارڈ ہو چکے ہیں، کیس کی مزید سماعت 30 نومبر تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 23

راست عوام کی سہولت، بہتر طرز حکمرانی، انتظامی کارکردگی اور ملکی مستقبل سے ہے، انتظامی یونٹس کو مضبوط اور بااختیار بنانا بھی ایک مؤثر راستہ ہوسکتا ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان کے سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز پاکستان کے عام لوگ ہیں، آج درست سمت میں قدم نہ اٹھایا تو کل معاف نہیں کرے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور کے پی کے میں انسداد دہشتگردی اور قیام امن کیلئے کیے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا، کہا پاکستان کے عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین اور صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 24

نے اپنی رپورٹ میں دعوی کیا تھا کہ امریکی خفیہ اداروں کو ایسی معلومات ملی ہیں کہ ایران واشنگٹن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو نشانہ بنانے کے ممکنہ منصوبہ بنا رہا ہے۔ رپورٹ میں سات امریکی حکام کے حوالے سے بتایا گیا تھا کہ مبینہ منصوبے میں تابکار مواد سے تیار کردہ ڈرٹی بم یا کیمیائی ہتھیار استعمال کرنے کا امکان بھی شامل ہے۔ سی این کی رپورٹ کے بقول امریکی حکام میں اس بات پر اختلاف ہے کہ ایران ایسا حملہ کرنے کی صلاحیت یا ارادہ رکھتا بھی ہے یا نہیں۔

بقیہ 25

ہوئے وہ غیور پاکستانی بھی موجود ہیں جنہوں نے وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اپنے گھر کا خواب پورا کیا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ہمارے ہاں یہ تصور پایا جاتا تھا کہ مرد مکان تعمیر کرتا ہے جبکہ عورت اسے گھر بناتی ہے، ہماری کئی بہنیں ایسی ہیں جنہوں نے نہ صرف مکان تعمیر کیا بلکہ اسے ایک مکمل گھر کی شکل بھی دی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آج کے اس پروگرام کا انعقاد سازگار ماحول اور موثر پالیسی کا نتیجہ ہے، وزیراعظم نے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا، اس پروگرام کے تمام بینیفشریز، بینکرز، بلڈرز، ڈویلپرز اور اسٹیٹ بینک کے نمائندے آج یہاں موجود ہیں۔

بقیہ 26

اقبال پاکستان کے پہلے تاریخی خلائی مشن کی تیاریوں کے سلسلے میں چین کے شہر جیاؤ چوان پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا پہلا خلانورد چینی خلائی اسٹیشن کا پہلا غیر ملکی مہمان بن کر ملکی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے اس تاریخی خلائی مشن کے لیے دو پاکستانی خلانورد چین میں خصوصی تربیت کامیابی سے مکمل کر چکے ہیں، جبکہ ان میں سے ایک کا حتمی انتخاب خلائی پرواز سے قبل کیا جائے گا۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستانی خلانورد کی تاریخی خلائی پرواز پاک چین خلائی تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔ یہ مشن نہ صرف پاکستان کی خلائی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہوگا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان فولادی دوستی اور سائنسی و تکنیکی تعاون کی ایک نئی علامت بھی بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا یہ تاریخی خلائی مشن قومی سائنسی صلاحیتوں کے اظہار اور خلائی تحقیق کے شعبے میں مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 27

اور ضیافتوں کے دوران بھارتی وفد کے ارکان کی پاکستانی وزیر سے ملاقاتیں ہوئیں اور مختلف امور پر غیر رسمی تبادلہ خیال بھی کیا گیا، تاہم اسے باضابطہ پاک بھارت مذاکرات قرار نہیں دیا جاسکتا۔ بھارتی خبر رساں ادارے کے مطابق پاکستانی وفاقی وزیر مصدق ملک نے فورم کے موقع پر تاجکستان اور ایران کے حکام سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کیں، جن میں ثقافتی تعاون اور باہمی روابط کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ تین روزہ فورم کے آخری روز اندور اعلامیہ منظور کیا گیا۔ اعلامیے میں مشترکہ ثقافتی منصوبوں کے فروغ، تہذیبی ورثے کے تحفظ، ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام اور مختلف تہذیبوں کو مساوی اہمیت دینے پر زور دیا گیا۔ فورم کا بنیادی مقصد شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان ثقافتی روابط اور تہذیبی تعاون کو مضبوط بنانا تھا۔

بقیہ 28

عدد 12 بور پیلرز برآمد کیے گئے۔ پولیس نے 2700 عدد M4 کارتوس، 120 خالی M4 میگزین اور بھاری مقدار میں دیگر اسلحہ بھی برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق اسلحہ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کے شبہے میں 3 ملزمان احسان اللہ، رہنواز اور زاہد آفریدی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان کا تعلق پشاور اور کوہاٹ سے ہے، جن کے خلاف پولیس نے مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ یہ کارروائی ڈی پی او ضیاالدین احمد کی زیرنگرانی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور غیر قانونی اسلحے کی نقل و حمل میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 29

نے ڈیجیٹل میڈیا کا غلط استعمال روکنے کے لیے قوانین پر عمل درآمد کا حکم دے رکھا ہے جبکہ ڈیجیٹل ذرائع ابلاغ کے غلط استعمال کے خلاف شکایات کے ازالہ کے لیے قانون پر عمل درآمد متعلق رپورٹ بھی طلب کر رکھی ہے۔ عدالت نے پی ٹی اے، پیمرا اور نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی کو جامع رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کر رکھی ہے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 30

نے خطے کے تاریخی وتہذیبی روابط سے مشترکہ فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق نئی دہلی میں منعقدہ وزارتی فورم میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے اردو زبان میں اظہار خیال کیا، اپنے خطاب کے دوران انہوں نے مرزا غالب اور علامہ اقبال کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ بامعنی بات چیت مختلف نظریات اور ثقافتوں کے درمیان ہی ہوتی ہے اور اگر تمام نظریات ایک جیسے ہوں تو وہ مکالمہ نہیں رہتا، پاکستان گندھارا اور بدھ مت سمیت مختلف قدیم تہذیبوں کا امین ہے اور اس کے تاریخی وتہذیبی روابط فارس اور عرب سے لے کر وسطی ایشیا کے تاریخی شہروں بخارا اور سمرقند تک پھیلے ہوئے ہیں، اس لیے وہ تمام رکن ممالک کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ان قدیم اور مشترکہ روابط سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اجلاس سے خطاب میں ڈاکٹر مصدق ملک نے تین نکاتی فارمولا پیش کرتے ہوئے تجویز دی کہ ایس سی او ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون کو فروغ دیا جائے، تاریخی ورثے کو محفوظ بنایا جائے اور تہذیبی آثار کو موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے بچانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں، ان مقاصد کے حصول کے لیے وفاقی وزیر نے ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق ایس سی او نیٹ ورک اور ایک ڈیجیٹل لائبریری قائم کرنے کی تجاویز بھی پیش کیں تاکہ رکن ممالک تاریخی و ثقافتی معلومات اور تحفظ کے طریقوں کا تبادلہ کرسکیں۔ بتایا گیا ہے کہ فورم کے موقع پر وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک اور بھارتی وزیر گجندر سنگھ شیخاوت کے درمیان نئی دہلی کے پرانے قلعے میں ایک غیر رسمی ملاقات بھی ہوئی، جس میں دونوں وزرا کافی دیر تک باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کرتے رہے، اس کے علاوہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے آذربائیجان کے وزیر ثقافت ڈاکٹر عادل کریمی، کرغزستان کے وزیر مملکت برائے اطلاعات، تاجکستان کی وزیر ثقافت مطلوبہ خان اور نیپال کے وزیر ثقافت کھڑک راج پاوڈل سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں، جبکہ ڈاکٹر مہدی ایمانی کی قیادت میں ایرانی وفد نے بھی ان سے ملاقات کرکے باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 31

نظام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے میزائل کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا۔ میزائل حملے کے خطرے کے پیش نظر مکہ مکرمہ میں ہنگامی وارننگ کیلئے سائرن بجائے گئے، جبکہ شہری دفاع کی جانب سے حفاظتی الرٹ بھی جاری کیا گیا، خطرہ ٹلنے کے بعد الرٹ ختم کردیا گیا اور شہریوں کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اتحادی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف بھیجا گیا ڈرون بھی فضائی دفاعی نظام نے فضا میں تباہ کردیا تھا، دونوں واقعات کے حوالے سے سعودی حکام نے دفاعی نظام کی بروقت کارروائی کی تفصیلات فراہم کی ہیں۔ دوسری جانب سعودی شہری دفاع نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سیکیورٹی اور دفاعی کارروائیوں سے متعلق غیر مصدقہ معلومات یا حساس تفصیلات سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کریں۔ حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرکاری ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ اطلاعات کو ہی مستند سمجھیں۔ دوسری جانب ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان کسی ممکنہ معاہدے کے اثرات صرف آبنائے ہرمز کے کھلنے تک محدود نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ممکنہ معاہدہ آبنائے ہرمز سے آگے عالمی معیشت کو سہولت فراہم کرنے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوگا۔ فیدان نے سعودی قیادت میں قائم عسکری اتحاد اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جھڑپوں کے بارے میں بھی کہا کہ انقرہ کی ترجیح سعودی عرب کا دفاع ہے، تاہم انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ترک حکومت نے ابھی تک یمن میں فوج بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا۔ ترکی، سعودی عرب اور پاکستان مکہ دفاعی اتحاد کا حصہ ہیں۔

بقیہ 32

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہوکر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سیکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کرکے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دورہ برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 33

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پاگیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی دوستی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے

روزنامہ
Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

صحافت کا گلا گھونٹا گیا تو عوام کی آواز کون بنے گا، زمرک اچکزئی

ٹی وی چینلز کے مالکان بلوچستان سے کاروبار اور آمدنی حاصل کریں، لیکن یہاں کام کرنے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا معاشی قتل نہ کریں

صحافیوں کو ان کے حقوق اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے بلوچستان کے صحافیوں کے معاشی قتل کو برداشت نہیں کریں گے، پارلیمانی لیڈر اے این پی

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حقوق اور ساحل و وسائل کی بات کرنے پر ہماری آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے، بلوچستان اسمبلی میں عوامی مسائل اور حقوق کے حوالے سے متعدد قراردادیں پیش کیں، مگر افسوس کہ ہمارے ملک

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے یونیسیف کے نمائندے ضیاء الرحمان سمالانی اور عمر درانی ملاقات کررہے ہیں

حکومت کی غلط پالیسیوں سے نوجوانوں میں مایوسی بڑھ رہی ہے، ذوالفقار

بلوچستان میں فیکٹریاں قائم کی جائیں، نوجوان نسل کو فنی تربیت دے کر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، بیان

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کی بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے فیضان اولیاء روحانی کلینک میں طلباء کی وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے نوجوانوں کی مایوسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ بیوٹمز یونیورسٹی میں بے روزگار نوجوانوں پر لاٹھیاں برسانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت عمل ہے۔ بے روزگار نوجوان روزگار کے حصول کے لیے امید لے کر اداروں کا رخ کرتے ہیں، لیکن انہیں سہولیات اور بہتر انتظامات فراہم کرنے کے بجائے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بے روزگار

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ میں بند اسٹریٹ لائٹس بحال اور آوارہ کتوں کو تلف کیا جائے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کوئٹہ میں تمام بند اسٹریٹ لائٹس بحال کیا جائے شہر کے گلیوں اور روڈوں پر آوارہ کتوں کے غولوں کو فوری طور سے تلف کیا جائے اور اس کے علاوہ پورے کوئٹہ کے دونوں ضلعوں میں پھیلی گندگی کی صفائی نالیوں کی صفائی اور سیوریج لائن کی فوری درستگی اور مرمت کی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈی سی چمن کی امن وامان برقرار رکھنے کے لیے سیکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

داخلی وخارجی راستوں پر سنیپ چیکنگ، گشت اور ناکہ بندیاں تیز کرنے کا حکم، مشکوک سرگرمیوں پر فوری کارروائی کی تنبیہ

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام کو سیکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر صدر چمن مس آئیڈا جودتھ گل، اسسٹنٹ کمشنر سٹی عزیز اللہ خان کاکڑ، ایس پی چمن اور ڈی ایس پی چمن کو شہر کے داخلی و خارجی راستوں سمیت مختلف اہم مقامات پر سنیپ چیکنگ، گشت اور اچانک ناکہ بندیوں کا سلسلہ مؤثر انداز میں جاری رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی ہے کہ چیکنگ کے دوران مشتبہ افراد،

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (اے این این) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 26 نومبر 2026 (بروز جمعرات) بوقت

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ میں آئی ٹی حب کے قیام کی تیاری، نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں اور فری لانسنگ کی تربیت دینے کا منصوبہ

آئی ٹی حب نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل معیشت کا حصہ بنانے اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈپٹی کمشن

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت آئی ٹی حب کے حوالے سے ڈائریکٹر آئی ٹی کے ساتھ ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اور آئی ٹی آفیسر نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئی ٹی حب کے تحت نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس، جدید آئی ٹی اسکلز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، فری لانسنگ کے فروغ اور انہیں جدید ڈیجیٹل معیشت کا حصہ بنانے کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے شرکاء سے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی خطاب کررہے ہیں

قلات سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی شرمناک عمل ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

چیک پوسٹوں پر قانون کے مطابق فرائض کی انجام دہی ہونی چاہیے اور کسی بھی اہلکار یا گروہ کو عوام اور ٹرانسپورٹرز سے غیر قانونی رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے

بلوچستان میں چیک پوسٹیں ٹرانسپورٹرز کیلئے عذاب بن چکی ہیں، بھتہ وصولی کسی صورت قابل قبول نہیں، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں چیک پوسٹیں ٹرانسپورٹرز کیلئے عذاب بن چکی ہیں، قلات سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی ایک شرمناک عمل ہے، صوبائی وزیر داخلہ اس معاملے کا فوری نوٹس لے کر کارروائی کریں تاکہ ٹرانسپورٹرز کو غیر ضروری مشکلات اور مالی استحصال سے نجات مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معروف ٹرانسپورٹر اور آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی میر اکبر لہڑی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں آل بلوچستان بیروزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، قیوم بلوچ اور دیگر شامل تھے، جبکہ اس موقع پر معروف سیاستدان اور نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی بھی موجود تھے۔ وفد نے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات، چیک پوسٹوں پر مبینہ غیر قانونی وصولیوں اور بالخصوص قلات سنگداس چیک پوسٹ پر بھتہ وصولی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ ان مبینہ وصولیوں کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید مشکلات سے دوچار ہیں، جس سے کاروباری سرگرمیوں اور روزگار پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ بلوچستان کی معیشت، عوامی نقل و حرکت اور تجارت میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، ٹرانسپورٹرز کو خوف، دباؤ اور غیر قانونی وصولیوں کا سامنا کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر قانون کے مطابق فرائض کی انجام دہی ہونی چاہیے اور کسی بھی اہلکار یا گروہ کو عوام اور ٹرانسپورٹرز سے غیر قانونی رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے صوبائی وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ قلات سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی کا فوری نوٹس لیا جائے، شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور بلوچستان بھر میں ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ قانون کی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈی ایچ کیو ہسپتال اوتھل میں گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت تسلسل کے ساتھ جاری

مقامی سطح پر علاج کی فراہمی سے مریضوں کو کراچی جانے کی مشکلات سے نجات مل گئی، عوامی حلقوں کا اظہارِ تشکر

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل میں واقع ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال میں گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت تسلسل کے ساتھ فراہم کی جارہی ہے۔ ڈائیلاسز سینٹر کے قیام اور افتتاح کے بعد اب تک تقریبا 6 مریض اس سہولت سے مستفید ہو چکے ہیں، جبکہ مزید مریض بھی علاج کے لیے رابطے میں ہیں۔ اس حوالے سے ڈائیلاسز ٹیکنیشن زیبا جمیل نے بتایا کہ گردوں کے مریضوں کو بہتر طبی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈی ای او چمن اشوک کمار راجپوت کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول محمود آباد کا اچانک دورہ

ناقص تدریسی عمل پر انکوائری کا حکم، ڈی او ای نادر شاہ سے ایک ہفتے میں تفصیلی رپورٹ طلب

چمن (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن اشوک کمار راجپوت نے تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار کی بہتری، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کی نگرانی کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول محمود آباد کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ہیڈ ماسٹر اسداللہ نے ڈی ای او چمن کو اسکول کے مختلف سیکشنز کا معائنہ کروایا۔ اس موقع پر ڈی ای او نے اساتذہ کی حاضری کا ریکارڈ اور رجسٹر چیک کیا، جہاں دو اساتذہ بلاجواز غیر حاضر پائے گئے۔ جس پر دونوں اساتذہ کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے تین دن کے اندر اپنی وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ دورے کے دوران اسکول میں جاری تدریسی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا گیا، جہاں تدریسی عمل غیر تسلی بخش پایا گیا۔ اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ای او چمن نے مزید انکوائری کے لیے ڈی او ای (میل) نادر شاہ کو ذمہ داری سونپ دی، جنہیں ایک ہفتے کے اندر اپنی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن اشوک کمار راجپوت نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط، اساتذہ کی بروقت حاضری، مؤثر تدریسی عمل اور تعلیمی معیار کی بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں، کیونکہ سرکاری تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی اور طلبہ کے روشن مستقبل کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اچانک معائنوں کا

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری سمیت صوبائی سیکرٹریز کا دورہ پنجگور، ترقیاتی منصوبوں اور محکموں کی کارکردگی کا جائزہ

وفد نے ماڈل بوائز سیکنڈری اسکول چتکان اور ٹیچنگ ہسپتال کا معائنہ کیا، صحت کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری

پنجگور (یو این اے) پنجگور مختلف محکموں کے سکریٹریز بلوچستان کا دورہ پنجگور ڈپٹی کمشنر آفس میں تمام محکموں سے متعلق صوبائی سکریٹریز کو بریفنگ دیا گیا پنجگور میں سکول ہسپتال کا دورہ اور کارکردگی سمیت ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا سکریٹریز میں ایڈیشنل چیف سکریٹری بلوچستان سلیم شاہد محکمہ ایجوکیشن کے سکریٹری لعل جان جعفر ایریگیشن کے سکریٹری سہیل الرحمٰن سکریٹری زراعت داود خان خلجی سکریٹری ہیلتھ مجیب الرحمٰن پروجیکٹ ڈائریکٹر فیڈرل سی اینڈ ڈبلیو ڈاکٹر سجاد شامل تھے ڈپٹی کمشنر پنجگور جہانزیب بلوچ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نظام رحیم ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو افتخار ظہیر نے پنجگور ائیرپورٹ میں صوبائی سکریٹریز کا استقبال کیا ڈپٹی کمشنر پنجگور آفس میں محکمانہ بریفنگ کے بعد صوبائی سکریٹریز نے پنجگور کے معروف اور قدیمی اسکول گورنمنٹ ماڈل بوائز سینکڈری اسکول چتکان کا بھی دورہ کیا جہاں اسکول کے پرنسپل ملک سعید اکبر اور ملک مقبول نے اسکول

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

حافظ محمد صدیق مدنی ممبر یوتھ پارلیمنٹ کل اسلام آباد روانہ ہوگئے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے رہنماء اور ممبر یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان حافظ محمد صدیق مدنی گزشتہ روز کوئٹہ سے بذریعہ طیارہ اسلام آباد روانہ ہوگئے۔ وہ اسلام آباد کے سرینا ہوٹل میں یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیولپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (پلڈاٹ) کے زیر اہتمام منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2026 میں شرکت کریں گے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے رہنماء اور ممبر یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان حافظ محمد صدیق مدنی گزشتہ

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

لسبیلہ ڈویژن میں جماعت ہشتم کے سالانہ امتحانات کا آغاز، ڈی او ایجوکیشن کا امتحانی مرکز کا دورہ

امتحانات میں نقل کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، عملہ دیانتداری سے فرائض سرانجام دے، پری گل بخاری

اوتھل (یو این اے) بلوچستان بھر کی طرح لسبیلہ ڈویژن میں بھی جماعت ہشتم کے سالانہ محکمانہ امتحانات کا آغاز ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لسبیلہ پری گل بخاری نے گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں قائم امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری امتحانات کے انتظامات کا جائزہ لیا اور امتحانی عمل کی نگرانی کی۔ دورے کے موقع پر سینٹر سپرنٹنڈنٹ شائلہ واحد، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ریشماں قیوم سمیت دیگر امتحانی عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے موجود تھا۔ پری گل بخاری نے امتحانی انتظامات، نظم وضبط اور امتحانی عملے کی کارکردگی کا معائنہ کیا اور امتحانات کو شفاف، منصفانہ اور نقل سے پاک بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے امتحانی عملے کو تاکید کی کہ امتحانات کے دوران نقل کی کسی بھی صورت اجازت نہ دی جائے، امتحانی مرکز میں نظم وضبط برقرار رکھا جائے اور تمام طالبات کو یکساں مواقع اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

لاہور ہائیکورٹ، ویڈیو کیس، عدالت کا عظمی بخاری کی دائر درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں وزیر اطلاعات عظمی بخاری کی فیک ویڈیو وائرل کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے عظمی بخاری کی ویڈیو لنک کے ذریعے بیان ریکارڈ کرانے کی اجازت کے لیے دائر درخواست پر سماعت 30 نومبر تک ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے وزیر اطلاعات عظمی بخاری کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار عظمی بخاری کے وکیل سید علی زاہد بخاری نے موقف

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

قلعہ عبداللہ/ اپریشن اور امن وامان کے حوالے سے اہم اجلاس کا انعقاد

قلعہ عبداللہ (اے این این) قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے ڈی آئی جی ژوب رینج سہیل خالد کی زیرصدارت اہم اجلاس ہوا، جس میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات کے خلاف بڑا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر آفس قلعہ عبداللہ میں ہونے والے اجلاس میں ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی، ڈی پی او خلیل احمد بگٹی، ایس

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

OF BALOCHISTAN
Title
Heading

10. RBL Modality. Results-based lending (RBL) links ADB financing directly to the achievement of agreed program results, while supporting the strengthening of the institutions and systems needed to deliver and sustain those results. The modality uses the government's own program systems and provides a framework for monitoring progress against clearly defined indicators and targets.

11. The RBL modality is well suited to the proposed ADB support, given the institutional and system-wide nature of the reforms envisaged in Balochistan. The ADB support would build on the government's ongoing PFM reforms while focusing on measurable improvements in provincial revenue mobilization, strategic budgeting and public investment management, fiscal-risk oversight, and management of mineral revenues and resource wealth. These areas require coordinated actions across institutions and sustained implementation over several years rather than stand-alone investments.

12. The RBL would provide a structured framework for linking financing to the achievement of agreed results while allowing the government flexibility in determining how those results are delivered through its own systems. The detailed program scope, results, baselines, targets, disbursement-linked indicators, verification arrangements, expenditure framework, and program action plan would be developed during processing in consultation with the relevant executing and implementing agencies.

کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ پبلک فنانشل مینجمنٹ عوامی مالیاتی انتظام کے امور پر منعقدہ اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن کل منایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن 25 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد خواتین پر گھریلو تشدد، جسمانی تشدد اور ان کے مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس دن کے حوالے سے خواتین حقوق کیلئے سرگرم سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات کا انعقاد کیا

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

بارڈرز کی بندش سے بیروزگاری میں اضافہ ہوا ہے، سید امان شاہ

کور کمانڈر بلوچستان کے بارڈرز کھولنے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں بارڈرز کی بندش کو بیروزگاری میں اضافے کا بڑا سبب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈرز کی بندش نے صوبے کی معیشت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ہے جہاں روزگار کے مواقع پہلے ہی نہ ہونے کے برابر ہیں۔ بارڈرز کی بندش کے بعد ہزاروں تاجر، مزدور، ٹرانسپورٹرز اور چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد بے روزگار ہو گئے ہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ بارڈر سے وابستہ تجارت صرف کاروبار نہیں بلکہ لاکھوں خاندانوں کی روزی روٹی کا ذریعہ ہے۔ جب بارڈر بند ہوتا ہے تو صرف سرحد نہیں بند ہوتی بلکہ گھروں کے چولہے بھی بجھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارڈرز کی بندش سے مہنگائی میں بھی اضافہ ہوا ہے، اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور عام آدمی دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہے۔ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ صوبائی صدر نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین کی جانب سے اس حوالے سے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک مثبت اور عوام دوست اقدام ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اعلان پر جلد عملدرآمد ہوگا۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے بلوچستان میں بارڈرز کی بندش کو بیروزگاری میں اضافے کا بڑا سبب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈرز کی بندش

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

راولپنڈی، ایف آئی اے کی کارروائی، ویزہ فراڈ کا ملزم گرفتار

راولپنڈی (اے این این) ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل شہید بینظیر آباد کے عملے نے راولپنڈی میں کارروائی کرکے سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے کے نام پر فراڈ کے مقدمے میں نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم محمد اجمل سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے اور روزگار فراہم کرنے کے نام پر شہریوں سے مبینہ فراڈ میں ملوث تھا۔ ملزم نے بطور اوورسیز ایمپلائمنٹ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستانیوں کو ملائیشیا میں 20 سالہ رہائش، ویزا پروگرام کی نئی تفصیلات جاری

ملائیشیا نے اپنے طویل مدتی رہائشی پروگرام کیلئے پاکستان میں مقامی کمپنی کو مجاز نمائندہ مقرر کردیا

کراچی (اے این این) بیرون ملک طویل عرصے تک رہائش اختیار کرنے کے خواہش مند پاکستانیوں کے لیے ملائیشیا میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ملائیشیا نے اپنے طویل مدتی رہائشی پروگرام کے سلسلے میں پاکستان میں ایک مقامی کمپنی کو مجاز نمائندہ مقرر کردیا ہے، جس سے پاکستانی شہریوں کے لیے اس پروگرام میں درخواست دینے اور ضروری مراحل سمجھنے میں آسانی ہوسکے گی۔ کراچی میں ملائیشیا کے قونصل

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری، داد محمد بلوچ سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری اور جنرل سیکرٹری قائم کاکڑ کو الیکشن جیتنے پر ہار پہنا کر مبارکباد دے رہے ہیں

اسلام آباد میں عالمی جوہری توانائی ایجنسی کی ریجنل ورکشاپ کا آغاز

اسلام آباد (اے این این) چوتھے بین الاقوامی نیوکلیئر سائنس اولمپیاڈ 2027 کے سلسلے میں عالمی جوہری توانائی ایجنسی کی 5 روزہ ریجنل ورکشاپ کا آغاز ہوگیا، افتتاحی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، ورکشاپ میں 22 ممالک کے ٹرینرز اور ماہرین شرکت کررہے ہیں۔ 23 سے 27 نومبر تک جاری رہنے والی ورکشاپ کی افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی وزیر مملکت

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

سول اسپتال جیکب آباد کے ایم ایس ڈاکٹر رام چند پر مبینہ حملہ

ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کا احتجاجی دھرنا، حملہ آور کی گرفتاری کا مطالبہ

جیکب آباد (نامہ نگار) سول اسپتال جیکب آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر رام چند پر اسپتال کے اندر دورانِ ڈیوٹی مبینہ حملہ، انہیں زخمی کرنے اور بھتہ طلب کرنے کے واقعے کے خلاف ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے دستگیر کالونی چوک پر دھرنا دیا، جس کے باعث سڑک بلاک ہوگئی۔ مظاہرین نے حملہ آور کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن جیکب آباد کا اجلاس صدر ڈاکٹر نادر علی پنہور کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں پی ایم اے سندھ کے سابق صدر ڈاکٹر اے جی انصاری، اکٹر ارشاد علی سرکی سمیت بڑی تعداد میں سینئر اور جونیئر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈاکٹر رام چند پر حملے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ ڈاکٹر رام چندا کیلئے نہیں ہیں بلکہ ڈاکٹر برادری، پیرامیڈیکل اسٹاف اور عوام ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اسپتال کے اندر دورانِ ڈیوٹی ڈاکٹروں پر حملے اور انہیں خوفزدہ کرنے کے واقعات کسی صورت برداشت نہیں کیے جاسکتے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ ڈاکٹر رام چند پر حملہ کرنے والے ملزم کو فوری گرفتار کرکے قانون کے حوالے کیا جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 24 نومبر کو سول اسپتال جیکب آباد میں او پی ڈی کا بائیکاٹ کیا جائے گا اور صبح 9:30 بجے سول اسپتال سے احتجاجی مظاہرہ نکالا جائے گا۔ سول اسپتال جیکب آباد کے میڈیکل

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے، مراد علی شاہ

کراچی (اے این این) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ عالمی کلچر فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ کے شہر کراچی میں منعقد ہونے والے تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول میں دنیا بھر سے الگ الگ زبانیں بولنے والے ایک اسٹیج پر نظر آئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثقافتی میلے کی

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

حلف برداری
OATH TAKING CEREMONY
PSF
خو ترخپل منزله حُو
تاسره ایمله حُو

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے نو منتخب صدر رزاق عاصم اور دیگر عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

دوسرا بین الاقوامی مقابلہ حسن قرآت آج سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) دوسرے بین الاقوامی مقابلہ حسنِ قرات میں شرکت کیلئے عالمی شہرت یافتہ قرا پاکستان پہنچ گئے، اسلام آباد میں تین روزہ بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت آج (منگل) سے شروع ہوگا۔ مقابلے میں پاکستان سمیت 32 ممالک کے ممتاز قرا دوسرے بین الاقوامی مقابل حسنِ قرت میں شرکت کریں گے۔ کیمرون، ٹوگو، موزمبیق، ازبکستان، جرمنی، اردن، الجزائر، عراق، لیبیا،

جامعہ گوادر میں عالمی یومِ ماہی گیری کے موقع پر سیمینار، پائیدار آبی زراعت اور روزگار کے فروغ پر زور

ماہی گیری کے شعبے کی ترقی کے لیے تحقیق، معیاری تعلیم اور ادارہ جاتی تعاون ناگزیر ہے، مقررین کا خطاب

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر کے شعبہ زولوجی کے زیر اہتمام عالمی یوم ماہی گیری 2026 کے موقع پر مرکزی سیمینار ہال میں تبدیلی کے لیے عوام کو بااختیار بنانا ماہی گیری اور آبی زراعت میں نوجوانوں اور خواتین کے لیے باعزت روزگار کے مواقع کا فروغ کے موضوع پر سیمینار منعقد کیا گیا۔ شعبہ زولوجی کی چیئرپرسن میڈم عتیقہ بلوچ نے مہمانوں اور شرکا کا خیرمقدم کرتے ہوئے سمندری وسائل کے تحفظ اور پائیدار

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

بین الاقوامی سب میرین کیبل کی مرمت جاری

اسلام آباد (اے این این) بین الاقوامی سب میرین کیبل کی مرمت کا کام چھ دسمبر تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ انٹرنیٹ فراہم کرنے والی کمپنی کا کہنا ہے کہ متاثرہ کیبل ٹھیک ہونے تک صارفین کو مصروف اوقات میں انٹرنیٹ کی سست رفتار کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اس سے پہلے پی ٹی اے نے اطلاع دی تھی کہ پاکستان کے ساحل سے تقریبا گیارہ کلومیٹر دور ایس ڈبلیو وی بین الاقوامی سب میرین کیبل سسٹم میں خرابی ہوئی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر تیزی

گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی

کراچی (اے این این) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوتا دکھائی دیا جہاں ابتدائی کاروباری سیشن میں بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس 920 پوائنٹس بڑھ گیا جبکہ آٹوموبائل، بینکنگ، فرٹیلائزر اور توانائی سمیت اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان دیکھا گیا۔ گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی جس کی بنیادی وجہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق مجوزہ ریفرنڈم کے معاملے پر سیاسی غیر یقینی صورت حال تھی۔ ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق خدشات نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متاثر کیا جس کے باعث بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی اور پاکستان میں ایندھن کے اخراجات گھٹنے کے مثبت اثرات بھی مارکیٹ کو سہارا دینے میں ناکام رہے۔ پیر کے روز کاروبار کے آغاز پر مختلف اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان غالب رہا جس کے نتیجے میں مارکیٹ میں مثبت سرگرمیاں دیکھنے میں آئیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے اعداد وشمار کے مطابق آج صبح بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس میں 920 پوائنٹس اضافہ ہوا جس کے بعد یہ ایک لاکھ 78 ہزار 303 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا تھا۔ ابتدائی کاروبار کے دوران آٹوموبائل اسمبلرز، کمرشل بینکوں، فرٹیلائزر، آئل اینڈ گیس ایکسپلوریشن کمپنیوں، آئل

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈیلٹا ایئر کے اہم کمپیوٹر سسٹم میں خرابی، امریکا میں سینکڑوں پروازیں متاثر

واشنگٹن (اے این این) امریکا کی ڈیلٹا ایئر لائنز کے اہم کمپیوٹر سسٹم میں خرابی کے باعث دنیا کے مصروف ترین ایئرپورٹ اٹلانٹا سمیت امریکا کے کئی دیگر ایئرپورٹس پر پروازیں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ اٹلانٹا میں سینکڑوں پروازیں متاثر ہوئیں اور اوسطاً تقریبا 57 منٹ کی تاخیر ہوئی۔ ایک دن میں ڈیلٹا ایئر لائنز کی 1200 سے زائد 50 فیصد پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق جہاز کے وزن اور اس کے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ پریس کلب
پریس کانفرنس

خضدار کی رہائشی صنم وعبدالرزاق او سلمٰی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

جمعیت علما اسلام اور دینی مدارس کا رشتہ چولی دامن کا ہے، عبدالرحمٰن

جے یو آئی مدارس کے دینی تشخص اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کرے گی، خطاب

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے مختلف دینی مدارس کے سالانہ دستار بندی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام اور دینی مدارس کا رشتہ چولی دامن کا ہے اسے ختم کرنے یا دونوں کو ایک دوسرے سے جدا کرنے کے خواب دیکھنے والوں کے خواب کبھی شرمند تعبیر نہیں ہوں گے۔ علما، طلبہ، مدارس اور جمعیت علما اسلام ایک ہی گلشن کے پھول ہیں جن کے درمیان فکری نظریاتی اور تاریخی وابستگی ایک نا قابلِ تردید حقیقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس کے تحفظ آزادی اور خودمختاری کے لیے جمعیت علما اسلام کی قیادت ہمیشہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی رہی ہے اور ہر دور میں جابر قوتوں کے سامنے دوٹوک مقف اختیار کیا ہے۔ افسوس کہ مقتدرہ کے منظورِ نظر بعض عناصر اپنے مفادات کی خاطر دینی مدارس کی آزادی اور خودمختاری پر سمجھوتہ کر چکے ہیں تاہم جمعیت علما اسلام مدارس کی خودمختاری دینی تشخص اور آزادانہ نظام تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کرے گی۔ مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ ہمارے اکابر و اسلاف نے ہمیشہ ذاتی مفادات، حکومتی مراعات اور دنیاوی لالچ کی خاطر دینی مدارس کی آزادی و خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا بلکہ ہر دور میں ان کی آزادی وخودمختاری کے تحفظ کو اپنا دینی وملی فریضہ سمجھا۔ انہوں نے ہر قسم کی ترغیبات اور دبا کو مسترد کرتے ہوئے ان دینی اداروں کی آزادی پر آنچ نہیں آنے دی۔ اکابرین کی اسی عظیم علمی و دینی

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹریز حاجی عبدالمجید بادینی، سنجے کمار پنجوانی، اراکین صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز کاکڑ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، میر عبیداللہ گورگیج، ملک نعیم خان بازئی اور میر جہانزیب مینگل اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER
A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈ پینڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔

03318383955 0812092472

پاکستان کا خطے میں مکالمے پر زور

وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے نئی دہلی میں پہلے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سولائزیشن ڈائیلاگ فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادانہ خیالات اور تصورات کے تبادلے ہی میں دانشمندی ہے اور اِس کے لئے حوصلے کی ضرورت ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایک دوسرے پر الزامات عائد کرنے کے بجائے پورے خطے کے مسائل ٹھوس شواہد کی بنیاد پر حل کرنے چاہئیں، ممالک کے مل بیٹھنے سے خطے میں بہتری کی اُمید پیدا ہوتی ہے، اُمن اور سلامتی کے فروغ کے لئے جو بھی کوشش کرے گا پاکستان اُس کا ساتھ دے گا تاہم خودمختار پاکستان کو تسلیم کیے بغیر مکالمہ ممکن نہیں اور دہشت گردی کے معاملے پر دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد کی بحالی کے لئے شفاف طریقہ کار ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے اردو میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرزا غالب اور خواجہ نظام الدین اولیا ؟ کے مزار سے چند کوس دور بیٹھ کر انگریزی میں بات کرنا عجیب سا محسوس ہو رہا ہے اِس لئے وہ اردو میں بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ غالب کے آباؤ اجداد ثمرقند سے آئے تھے اور وہ خود فارسی کے بڑے شاعر ہونے کے باوجود دنیا میں اردو کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں۔ دہلی، لکھنؤ اور لاہور ادب، شاعری اور تہذیب کے اہم مراکز رہے ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک کا کہنا تھا کہ تہذیبوں کے درمیان مکالمے کی خوبصورتی مختلف آوازوں، ثقافتی شناختوں اور تاریخی تجربات کے تنوع میں ہے۔ پاکستان کی تہذیبی شناخت گندھارا، وادیٔ سندھ، وسطی ایشیا، افغانستان اور ایران سمیت مختلف تہذیبوں کے امتزاج سے تشکیل پائی ہے۔ اسلام آباد سے تقریباً 50 کلومیٹر دور ٹیکسلا قدیم علم و دانش کا مرکز رہا، جبکہ بخارا، ثمرقند اور وسطی ایشیاء کے دیگر علاقوں سے تاریخی و ادبی روابط بھی پاکستانی ثقافت کا حصہ ہیں۔ پاکستان کسی ایک تہذیب یا نسل کی وراثت کا دعویدار نہیں بلکہ یہ مشترکہ تاریخی ورثہ پوری انسانیت کا سرمایہ ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی تہذیبوں کی اصل دشمن ہے، نہ کہ ایک دوسرے کی تہذیبیں۔ پاکستان میں 2022ء کے تباہ کن سیلاب اور نیپال میں 26 اگست کو آنے والے حالیہ سیلاب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی آفات خطے کے تاریخی اور ثقافتی ورثے کو بھی نقصان پہنچا رہی ہیں۔ اُنہوں نے بتایا کہ 2022ء کے سیلاب میں پاکستان میں تقریباً 1700 افراد جاں بحق ہوئے اور ملک کا ایک تہائی حصہ زیرِ آب آ گیا جبکہ سندھ کا تقریباً پورا صوبہ متاثر ہوا۔ اُنہوں نے موہنجوداڑو کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ساڑھے چار ہزار سال پرانی وہ دیواریں جنہیں کوئی نہیں گرا سکا، چار روز کی بارش نے اُنہیں بھی نقصان پہنچایا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے ایس سی او کے رکن ممالک کے لئے تین تجاویز پیش کیں جن میں خطے کے ثقافتی اداروں کا مشترکہ نیٹ ورک کا قیام، تاریخی اور قدرتی ورثے کا ڈیجیٹل آرکائیو اور موسمیاتی تبدیلیوں سے تاریخی مقامات کو محفوظ رکھنے کے لئے مشترکہ موسمیاتی مزاحمتی فریم ورک کی تشکیل شامل تھیں۔ اُنہوں نے نیپال میں سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان پر بھی افسوس کا اظہار کیا اور موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے نبٹنے کے لئے علاقائی تعاون اور فوری عالمی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈاکٹر مصدق ملک ایس سی او کے ثقافتی اجلاس میں شرکت کے لئے جمعہ کو نئی دہلی پہنچے تھے۔ گزشتہ برس مئی میں ہونے والے معرکہ حق کے بعد کسی بھی پاکستانی وزیر کا بھارت کا یہ پہلا دورہ تھا۔

خدمات کے ایک طویل عہد کا اختتام

تحریر:۔ عنایت الرحمان۔ سبی

سرکاری محکموں میں افسران آتے ہیں، اپنی مدتِ تعیناتی مکمل کرتے ہیں اور پھر کسی دوسرے منصب یا محکمے کی طرف روانہ ہو جاتے ہیں، لیکن بعض شخصیات اپنے قیام کے دوران ایسے نقوش چھوڑ جاتی ہیں جنہیں مدتوں یاد رکھا جاتا ہے۔ کچھ افسران اپنی کارکردگی سے پہچانے جاتے ہیں، کچھ اپنے انتظامی فیصلوں سے اور بعض اپنی ایسی روایات سے جن کا تذکرہ ان کے تبادلے کے بعد بھی محکمے میں جاری رہتا ہے۔ سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کا محکمہ اطلاعات میں طویل قیام بھی یقیناً مختلف حوالوں سے یاد رکھا جائے گا۔

محکمہ تعلقاتِ عامہ بلوچستان کی جانب سے ان کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب میں ایک خوشگوار اور دوستانہ ماحول دیکھنے میں آیا۔ ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان، ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ سعید احمد شاہوانی اور محکمہ کے دیگر افسران و ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب میں محکمہ کی کارکردگی، باہمی تعاون، انتظامی امور اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ روایتی طور پر ایک دوسرے کی خدمات کو سراہا گیا، نیک خواہشات کا اظہار ہوا اور یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔ یوں ایک سرکاری عہدے دار کی رخصتی کو خوشگوار یادوں کے ساتھ رخصت کرنے کی ایک اور روایت پوری ہوئی۔

سیکرٹری صاحب کے دور میں محکمہ اطلاعات کے لیے ایک مستقل عمارت کا حصول یقیناً ایک اہم پیش رفت تھی۔ یہ کوئی معمولی معاملہ نہیں تھا، کیونکہ ایک عرصے سے محکمہ اپنے لیے مناسب دفتری جگہ کی تلاش اور انتظامی مشکلات سے دوچار تھا۔ ان کی کوششوں سے اس مسئلے کا حل نکلا اور محکمہ کو مستقل عمارت میسر آئی۔ بلاشبہ کسی بھی ادارے کی ترقی کے لیے اپنی عمارت کا ہونا بنیادی ضرورت ہے، اور اس حوالے سے ان کا نام محکمہ کی تاریخ میں درج رہے گا۔ اسی طرح ملازمین کے مسائل کے حل، ترقیاتی معاملات اور پروموشن کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے میں بھی ان کا کردار قابلِ ذکر رہا۔ محکمہ کے ملازمین کے لیے یہ ایک خوش آئند تجربہ تھا کہ ان کے سروس معاملات پر توجہ دی گئی اور ترقی کے منتظر کیسز کو آگے بڑھایا گیا۔ سرکاری ملازمین کے لیے اپنے جائز حقوق کا حصول ہمیشہ ایک اہم مسئلہ رہا ہے، اس لیے ایسے اقدامات کو یقیناً قدر کی نگاہ سے دیکھا جانا چاہیے۔ محکمہ میں الیکٹرانک میڈیا سیل اور سوشل میڈیا سیل کے قیام اور انہیں فعال بنانے میں بھی سیکرٹری اطلاعات نے بھرپور کردار ادا کیا۔ موجودہ دور میں جب اطلاعات کی ترسیل کے ذرائع تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں، ان شعبوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ سرکاری مؤقف کی بروقت تشہیر، خبروں کی ترسیل اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر محکمہ کی موجودگی کو مؤثر بنانے کے لیے یہ اقدامات اہمیت کے حامل تھے۔ امید ہے کہ یہ سیلز آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ کام کرتے رہیں گے اور ادارہ جاتی ترقی کے اس سفر کو آگے بڑھائیں گے۔ ان کے دور کی ایک نمایاں خصوصیت محکمہ تعلقاتِ عامہ اور سیکرٹری آفس کے درمیان ہونے والی خط و کتابت پر بروقت کارروائی بھی رہی۔ سرکاری امور میں فائلوں کی نقل و حرکت، مراسلت اور دفتری کارروائی کی بروقت تکمیل کسی بھی ادارے کی کارکردگی کا اہم پیمانہ ہوتی ہے۔ ان کے دور میں اس معاملے پر خصوصی توجہ دی گئی، جس سے دفتری امور کی انجام دہی میں سہولت پیدا ہوئی۔ یوں محکمہ نے یہ بھی سیکھا کہ سرکاری خط و کتابت اگر بروقت نمٹائی جائے تو بہت سے معاملات غیر ضروری طوالت اختیار کرنے سے بچ سکتے ہیں۔ ان کے انتظامی دور کا ایک اور قابلِ ذکر پہلو میرٹ پر فیصلے اور سفارش و بیرونی مداخلت کی حوصلہ شکنی رہا۔ ماضی میں بعض اوقات ایک فون کال کو بھی انتظامی فیصلوں پر اثر انداز ہونے کے لیے کافی سمجھا جاتا تھا اور افسران کے تبادلوں جیسے معاملات بھی غیر معمولی تیزی سے طے پا جاتے تھے۔ تاہم ان کے دور میں اس روایت کی حوصلہ شکنی کی گئی اور محکمہ کے معاملات کو ادارہ جاتی اصولوں کے مطابق چلانے پر زور دیا گیا۔ یہ یقیناً ایک ایسی روایت ہے جسے برقرار رکھنا کسی بھی آنے والے انتظامی سربراہ کے لیے ایک اہم ذمہ داری ہوگی، کیونکہ ادارے شخصیات سے نہیں بلکہ اصولوں اور مستقل مزاجی سے مضبوط ہوتے ہیں۔ محکمہ اطلاعات کے حق میں اعلیٰ سطحی اجلاسوں میں مؤقف پیش کرنا اور اس کی کارکردگی کا دفاع کرنا بھی ان کے دور کی خصوصیات میں شامل رہا۔ مختلف فورمز پر محکمہ کے مسائل، ضروریات اور کارکردگی کو اجاگر کرنا ایک انتظامی سربراہ کی ذمہ داری ہوتی ہے، تاہم ہر افسر اس ذمہ داری کو ایک ہی انداز میں ادا نہیں کرتا۔ عمران خان صاحب نے اس حوالے سے محکمہ کے مؤقف کو بھرپور انداز میں پیش کیا اور محکمہ کے لیے نئے منصوبوں کی منظوری کے سلسلے میں کوششیں کیں، جبکہ متعدد دیگر منصوبوں کے لیے سفارشات بھی پیش کیں۔

ان تمام اقدامات کے باوجود کسی بھی سرکاری محکمے کی اصل کامیابی محض چند انتظامی فیصلوں، عمارتوں، سیلز کے قیام یا فائلوں کی بروقت نقل و حرکت میں نہیں ہوتی، بلکہ اس کا اصل امتحان ادارے میں ایک ایسی مثبت روایت قائم کرنا ہے جو افسر کے تبادلے کے بعد بھی برقرار رہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں شخصیات کی کارکردگی ادارہ جاتی ورثے میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس لیے عمران خان صاحب کے بعد آنے والی قیادت کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ ان تمام اقدامات کو نہ صرف برقرار رکھے بلکہ انہیں مزید بہتر اور مؤثر بنائے۔ سرکاری تقریبات میں عموماً رخصت ہونے والے افسر کے لیے تعریفی کلمات کہے جاتے ہیں، خدمات کو سراہا جاتا ہے اور مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا جاتا ہے۔ یہ ایک خوبصورت روایت ہے، جسے جاری رہنا چاہیے۔ البتہ کسی بھی افسر کے دور کا حقیقی جائزہ ان تقریبات سے آگے بڑھ کر ان فیصلوں، رویوں اور انتظامی روایات میں ملتا ہے جو اس کے جانے کے بعد بھی ادارے کے اندر زندہ رہتی ہیں۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے محکمہ میں ایک طویل عرصہ گزارا، متعدد انتظامی اقدامات کیے، ملازمین کے مسائل پر توجہ دی، محکمہ کے لیے عمارت اور نئے منصوبوں کی کوششیں کیں اور جدید ابلاغی تقاضوں کے مطابق نئے شعبوں کی فعالیت میں کردار ادا کیا۔ ان کے دور کی یہ تمام باتیں یقیناً محکمہ کے ریکارڈ اور یادوں کا حصہ رہیں گی۔ آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ سرکاری عہدے عارضی ہوتے ہیں، تبادلے ملازمت کا حصہ ہیں، لیکن بعض ادوار اپنے فیصلوں، ترجیحات اور قائم کردہ روایات کے باعث دیر تک زیرِ بحث رہتے ہیں۔ عمران خان صاحب کا محکمہ اطلاعات میں قیام بھی برسوں یاد رکھا جائے گا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ان کے بعد آنے والے افسران اس انتظامی ورثے کو کس طرح آگے بڑھاتے ہیں اور محکمہ ان روایات سے کیا کچھ سیکھتا ہے۔

دیتے ہیں دھوکہ یہ بازیگر کھلا

نذیر احمد غازی

قوم، ملک اور سلطنت کا قبلہ مراد تب درست ہوتا ہے جب اہل اقتدار سلطنت کو عطائے خداوندی، ملک کو امانت خداوندی اور قوم کو مخلوقِ خدا سمجھیں، اپنی ذاتی وراثت یا ملکیت کا خیال نہ کریں۔ پاکستان ایک اسلامی نظریاتی مملکت ہے اور مقامی و بین الاقوامی طور پر دشمنوں میں گھرا ہوا ہے۔ قوم اپنی دینی اور نظریاتی حمیت و غیرت کو برقرار رکھنے کیلئے ہمیشہ قربانی پر آمادہ رہتی ہے اور ان کا احساس قربانی کبھی بھی ماند نہیں پڑتا۔ ان کے احساس میں خلوص کی دولت ہمہ وقت موجود رہتی ہے۔ اس لئے وہ پرانی باتوں کو بھول جاتے ہیں۔ کوئی بھی شعبدہ باز، بازیگر یا جادوگر آ کر ڈگڈگی بجا دے یا بین بجا دے اور شعبدہ بازی کا سامان سجا دے تو یہ سب کچھ فراموش کر کے اس بازی میں نہ صرف مگن ہو جاتے ہیں بلکہ خود اس بازی کا حصہ بن جاتے ہیں۔

راقم اپنے ابتدائے ہوش سے لے کر اب تک یہ مشاہدہ کرتا آ رہا ہے کہ لوگ کبھی دل کے نام پر کبھی شکم کے نام پر اور کبھی ترقی کے نام پر خوشنما، دلفریب اور دلکش نعرے لگاتے ہیں۔ پھر قافلے سجاتے ہیں اور نئی حدی خوانی سے آغاز سفر کرتے ہیں۔ منزل بہ منزل یہ دلکش بڑھتی جاتی ہے اور بالآخر منزل کھوٹی ہوتی جاتی ہے۔ پھر نئے نعرے، نئے منشور جبر کے دستور آتے ہیں اور پھر نئے قافلے، نئے راہبر، نئے راستے، البتہ پرانی اور نئی باتوں میں ایک اشتراک ہمیشہ موجود رہتا ہے وہ اشتراک یہ ہے کہ جاگیردار اور سرمایہ دار ہمیشہ ہی اس کٹھ پتلی تماشے کا کاروبار کرتے ہیں۔ وہ خانقاہ، مدرسہ اور محراب و منبر کو کمال چابکدستی سے اپنے حلقہ محبت میں داخل کرتے ہیں۔ خانقاہ مدرسہ اور منبر و محراب پر چون اور تھوک دونوں صورتوں میں مناسب داموں خریدے جاتے ہیں۔ بین الاقوامی یہودی مکار بھی یہ خریداری کرتے ہیں۔ بین الاقوامی مکار یہودی اور قریبی پڑوسی ہندو بنئے بھی ایک عرصے سے یہ خریداری کر رہے ہیں۔

پاکستان کے عوام تو ایک عرصے سے ان تاجرانِ غیرت وطن کے جال میں پھنستے رہے اور برداشت کرتے رہے لیکن جب سے امریکہ بہادر کی چیرہ دستیاں کھلے عام بڑھ گئیں اور ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سفاکانہ انداز سے توڑنے کی مشق ہوئی تو ظلم کا درجہ اپنی انتہا کو پہنچ گیا۔ انہوں نے یہ جان لیا اور خوب پہچان لیا کہ آمریت اور جمہوریت دو لفظ ہیں جو کسی منتر کا جاندار حصے ہیں اور شیطانی کردار سیاستدان اپنے انسان دشمن ایجنڈے کی تکمیل کیلئے صبح و شام پڑھتے ہیں گاتے ہیں اور الاپتے ہیں۔

عوام کو آمریت یا جمہوریت سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ عوام کو روزگار چاہئے عوام کو عزت چاہئے، عوام کو اپنی جان کی حفاظت چاہئے۔ ان کو اپنے وطن، دین اور اپنی بقا کے نظریئے کی حفاظت چاہئے۔ وہ پرانے اور مسلسل مکر و فریب سے نفرت کرتے ہیں۔ وہ سیاسی ڈاکوؤں پر نفرین بھیجتے ہیں اور جابر موروثی نوعمر سیاستدانوں کی ظالمانہ سیاست سے خدا کی پناہ مانگتے ہیں۔ وہ نجات کا راستہ تلاش کرتے ہیں اور منزل تک پہنچنے کی تمنا کرتے ہیں۔ وہ اب جذبات کی سرحدات پر کھڑے کسی فیصلہ کن کارروائی کرنے پر آمادہ ہیں۔ وہ ہمیشہ کی طرح اب سدھائے ہوئے جانوروں کی طرح ہانکے جانے سے انکار کر رہے ہیں۔

عوام کا مذاق اڑانا، ان کی بات کو اہمیت نہ دینا اور انہیں وراثتی گائے بھینس سمجھنا فرعونی مزاج سیاسی حکمرانوں کا وتیرہ ہے۔ لوگ اب ان کی نیتوں پر شک نہیں کرتے بلکہ یقین کرتے ہیں کہ یہ حکمران پتھر دل اور مردہ ضمیر ہیں۔ اسی لئے وہ تبدیلی اور بالکل تبدیلی یعنی نظام اور چہروں کی تبدیلی ایک ہی وقت میں چاہتے ہیں۔ ریاست کا سکون متزلزل ہے لیکن حیران کن بات تو یہ ہے کہ پرانے سیاسی بتوں نے اپنے قدموں میں پھر سے اپنے پجاریوں کو جمع کرنا شروع کر دیا ہے۔ وہ اپنی بات کو گورو کا اشارہ باطنی ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ سیاسی بازی گروں کے پرانے پجاری کردار سے عاری ہیں اور ان غریبوں کی روپے پیسے سے یاری ہے۔ ان میں سے اکثر دین، وطن اور اخلاقیات کے نام پر کاروبار کرتے ہیں۔ ہر الیکشن میں اتحاد اور اتفاق کی بات کرتے ہیں۔ مناسب رقوم حاصل کرتے ہیں۔ پھر سیاسی آڑھتیوں پر کبھی کبھی ایسا دباؤ بڑھاتے ہیں کہ نئی رقوم کا مطالبہ شروع کر دیتے ہیں۔ اگر سیاسی آڑھتی نہ مانیں تو دین کا جھنڈا اور دہشت کا ڈنڈا اٹھا کر نیا تماشا، نئی سیاست شروع کر دیتے ہیں۔ عوام مایوس ہیں کیونکہ دین کا نام لیکر سیاست کرنیوالے خود ایک دنیا دار سرمایہ دار کے قدموں میں بیٹھ کر ملک میں نئی سیاسی تحریک کیلئے منصوبہ بندی کر تے ہیں۔

قارئین یہ ملک، یہ عوام کسی بھی فرد یا جماعت کے غلام نہیں ہیں۔ ملک کی دولت کسی بھی طالع آزما کی خواہشوں کی تکمیل کیلئے نہیں ہے۔ یہ لیپ ٹاپ قوم کے بچوں کی امانت ہے۔ یہ گرین کارڈ برائے وظائف عوام کا حق ہے۔ یہ مال عوامی بیت المال کا ہے۔ غریب بچوں کے حقوق ادا کرنا حکومت کا فرض ہے۔ بے سہارا عوام کو جینے کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکومت پر فرض ہے۔ لیکن حکمران عوام کے حقوق کی نیم ادائیگی کرتے ہوئے ان پر یوں احسان جتاتے ہیں جیسے وہی عوام کے معاذ اللہ ناخدا ہیں اور عوام کا ہر سانس ان فرعونی حکمرانوں کی ملکیت ہے۔ اسی لئے وہ اپنی اناؤں کی تکمیل کے لئے عوام کو بندر ناچ نچانے کے لئے کسی بھی وقت اپنی سیاسی بساط بچھا کر ''دردمندانہ'' ڈگڈگی بجاتے ہیں۔

مجھے انصاف چاہئے۔۔۔فاطمہ!

سید شعیب الدین احمد

دولت اور طاقت کے نشے میں بدمست افراد کی طرف سے کمسن گھریلو ملازمین پر تشدد اور ان کی جان لینے کا سلسلہ رکنے میں نہیں آ رہا۔ اسلام آباد میں طاقتور پولیس افسر (موجودہ ڈائریکٹر ایف آئی اے گوجرانوالہ) محمد بن اشرف کے گھر میں 13 سالہ ملازمہ کے ''مبینہ قتل'' نے اس بحث کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے کہ غربت کے مارے ماں باپ کب تک اپنے بچوں کو اپنا اور اپنے دوسرے بچوں کا پیٹ بھرنے، تعلیم دلوانے اور بجلی، پانی، گیس کے بلز ادا کرنے کے لئے ایسے بااثر، طاقتور افراد کے حوالے کرتے رہیں گے جو ان بچوں سے نہ صرف بدسلوکی کریں گے بلکہ بدترین تشدد اور ظلم بھی ڈھائیں گے۔ پنجاب کی تاریخ کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ مریم نواز شریف واضح الفاظ میں یہ کہہ چکی ہیں کہ خواتین اور بچے ان کی ریڈ لائن ہیں۔ اس حوالے سے وہ کوئی ظلم یا بدسلوکی برداشت نہیں کریں گی۔ لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ دولت مند اور طاقتور افراد تک شاید یہ پیغام صحیح طرح نہیں پہنچ سکا۔ مریم نواز شریف کے حکم پر بے شک لاہور میں ایک پٹرول پمپ کے ملازم اور فیصل آباد میں ایک سیلز گرل نے طاقتور اور امیر گھرانوں کے بگڑے افراد کو تھپڑ مارے ہیں (بلکہ تھانے میں تھپڑ مارے ہیں) جنہوں نے ان پر سرعام تشدد کیا تھا لیکن شاید یہ سزا ان ''زمینی خداؤں'' کے لئے کافی نہیں ہے۔ مریم بی بی نے یہ واضح کہا تھا کہ وہ ایسے ظالموں کو سزا دلوانے کیلئے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عالیہ نیلم اور چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے بھی ملاقات کریں گی تا کہ اس حوالے سے کوئی ہدایات جاری کی جا سکیں اور ایسے ملزمان کو عدالتوں سے فوراً ضمانتیں نہ مل جایا کریں، لیکن کرنے والا اصل کام تو پنجاب اسمبلی نے ہے جہاں سے ان بچوں کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کے کیسوں میں ان کے غریب ماں باپ کی بجائے ریاست کو مدعی بنانے کا قانون پاس کیا جائے اور سزائیں بڑھائی جائیں۔ ضمانتیں نہ لینا اور سزا سنانا ایک الگ بات ہے لیکن سزاؤں کو سخت بنانا تو کم از کم پنجاب اسمبلی کی ذمہ داری ہے۔ پنجاب اسمبلی کے سپیکر بیرسٹر ملک محمد احمد خان (جو لنکنز ان لندن سے فارغ التحصیل ہیں) بھی اس حوالے سے بہت مدد کر سکتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ ظلم اور زیادتی کے یہ کیس ان کی نظر سے اوجھل نہیں ہوں گے اور وہ خود بھی انہیں دیکھ رہے ہوں گے۔ اس حوالے سے کسی قانون سازی کے لئے یقیناً وہ اپنی پارٹی کے اندر خود بھی وکیل کا کردار ادا کریں گے۔ پاکستان میں سزائیں تو بہت ہیں مگر عمل درآمد بہت کم ہے وجہ غریب ماں باپ کی غربت ہے وہ غربت جس سے تنگ آ کر وہ اپنے کم سن، کم عمر بچوں کو ان کے گھروں سے سینکڑوں کلومیٹر دور امیروں اور طاقتوروں کے گھر میں ''کام کرنے'' کے لئے بھیج دیتے ہیں اور پھر وہاں ان پر کیا گذرتی ہے وہ بچے اپنے والدین کو بتا بھی نہیں پاتے۔ یہ صرف پنجاب کا نہیں یہ پورے پاکستان کا قصہ ہے، ہر جگہ ایسے واقعات برسوں سے وقوع پذیر ہو رہے ہیں اور پاکستان میں غربت تیزی سے بڑھنے کی وجہ سے اس ''کم سن لیبر'' کی تعداد بھی بڑھتی جا رہی ہے۔

13 سالہ فاطمہ کی پوسٹ مارٹم رپورٹ پڑھ کر کون ایسا سنگ دل ہے جس کی آنکھ سے آنسو نہ بہیں، کون ایسا جگر رکھتا ہے جو اس کو پڑھ کے قاتل کو بددعائیں نہ دے۔ فاطمہ علی کی پوسٹ مارٹم رپورٹ اس کے جسم پر تین سال میں بیتے ہوئے مظالم کا ثبوت ہے۔ اس کے سر پر لگی چوٹ کی وجہ سے دائیں طرف سے سر کے پچھلے حصے تک سوجن پائی گئی۔ اس کے جسم پر زخموں کے 20 بڑے نشانات تھے۔ فاطمہ کا جسم سوجا ہوا تھا۔ سر سے پاؤں تک تشدد کے ثبوت سامنے نظر آتے تھے جسم کے مختلف حصوں میں۔ جگہ جگہ خون جم چکا تھا۔ سینے پر پرانی چوٹوں کے نشان تھے اور بائیں بازو پر ایک پرانا خراب زخم تھا، ٹانگوں ہاتھوں پہ شدید چوٹیں اور نیل تھے اس کو بجلی کی استری سے جلایا اور ڈنڈوں سے مارا جاتا رہا۔ فاطمہ کے جسم میں خون کے لوتھڑے بن گئے اور ان لوتھڑوں کی وجہ سے اس کے دل اور پھیپھڑوں نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ فاطمہ اصغر پر ظلم کرنے والی افشاں علی پاکستان کے طاقتور طبقے کی نمائندہ ہے۔ اس کے شوہر پاکستان کے 24 کروڑ عوام پر حکومت کرنے والی وفاقی پولیس سروس کے نمائندے ہیں اور افشاں علی خود بھی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستانی نہیں غیر ملکی شہری ہے۔ یقینی طور پہ ان کی غیر ملکی شہریت ان کو اس کیس سے بچ نکلنے میں مدد دے گی۔ فاطمہ اصغر کے والد جو ایک رپورٹ کے مطابق ملزمہ افشاں کے شوہر کی رحیم یار خان میں واقع زمینوں پر کام کرتے ہیں وہ ڈائریکٹر ایف آئی اے گوجرانوالہ کے رشتہ دار بھی ہیں (ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں خالہ زاد ہیں)۔ شاید اسی لئے فاطمہ کے والد نے پہلی ایف آئی ار میں کسی کا نام نہیں لکھوایا۔ ڈھکے چھپے الفاظ میں کہا کہ میری بچی کا انتقال ہو گیا ہے۔ پولیس نے بھی کمال کیا ہے چونکہ مرنے کی اصل وجہ ڈنڈوں سے ہوا تشدد بتایا گیا ہے لہٰذا پولیس نے دونوں گرفتار ملزمان سے برآمدگی درج کرتے ہوئے ملزمہ افشاں سے استری اور ملزم قاری علی سے ڈنڈے کی برآمدگی ظاہر کی ہے۔ ملزم قاری علی کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ ملزمہ افشاں کے بچوں کو قران پڑھانے آتے تھے اور مقتولہ فاطمہ بھی ان سے پڑھتی تھی۔ قاری علی بھی پولیس کے ملازم ہیں اور ہائی ویز پٹرولنگ میں کام کرتے ہیں۔ جب ڈاکٹر ایف آئی اے گوجرانوالہ پنڈی میں بطور ایس پی تعینات تھے تو قاری علی ان کے ساتھ ڈیوٹی کرتے تھے۔ اب اسی قاری علی پر پولیس نے برآمدگی میں ٹارچر میں استعمال ہونے والے ڈنڈے کی برآمدگی ظاہر کی ہے۔ بچی کے زخموں کے مطابق یہ واضح ہے کہ وہ استری کے جلنے سے نہیں بلکہ ڈنڈے سے کیے گئے تشدد کی وجہ سے دنیا سے چلی گئی۔ لہٰذا لگ رہا ہے کہ پولیس اہلکاروں نے اپنے باس کی بیگم کو تو استری میں جلانے میں ذمہ دار کر کے قتل کا ذمہ دار اپنے پیٹی بھائی قاری علی کو بنا لیا ہے، جس کے پاس سے ''آلہ قتل ڈنڈا'' برآمد ہوا۔ اسی واقعے کے حوالے سے وزیر داخلہ سید محسن نقوی (جن کے ماتحت ایف آئی اے کا محکمہ بھی ہے) سے ایک رپورٹر نے سوال کیا کہ کیا فاطمہ کی ایف آئی آر ٹھیک ہے تو ان کا کہنا تھا کہ پولیس پر اِس مقدمے کے حوالے سے بے حد دباؤ تھا۔ لڑکی کا باپ تو ایف آئی آر ہی نہیں کرا رہا تھا لیکن اب پولیس انکوائری کر رہی ہے۔

بہرحال اب یہ معاملہ وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے خود دیکھنا ہے کہ انصاف کون کرے گا۔ ہم تو پنجاب کے شہری ہیں پنجابی ہیں اور پنجاب میں یہ ایسا پہلا کیس نہیں ہے۔ مظلوم فاطمہ کے والد اسلام آباد کے نہیں پنجاب کے رہنے والے ہیں۔ لہٰذا مریم نواز شریف کو بھی مرنے والی فاطمہ کو انصاف دلانا ہوگا۔

کیا عزت دولت نہیں ہوتی؟

نسیم شاہد

موچی شوکت بھی کمال کی شخصیت ہے اب آپ کہیں گے موچی بھی کوئی شخصیت ہوتا ہے وہ تو بس موچی ہوتا ہے۔ شخصیت تو بڑے بڑے افسروں، سیاستدانوں، سرمایہ داروں، وڈیروں اور نوابوں کی ہوتی ہے۔ موچی، تیلی، مستری، مزدور، محنت کش، ریڑھی رکشے والے کہاں سے شخصیت بن گئے تو بھائیو بس یہی سوچ ہمارے معاشرتی زوال اور انتشار کا باعث ہے۔ انسان کو عزت دینے کی بجائے جب ہم دولت کو عزت دیتے ہیں، اختیار کو عزت دیتے ہیں تو پھر معاشرے میں جعلی عزت دار پیدا ہوتے ہیں۔ حقیقی اور سچے عزت دار تو کہیں دور اندھیرے میں چلے جاتے ہیں۔ میں بات کر رہا تھا موچی شوکت کی۔ کل ایک جوتی کی مرمت کیلئے اس کے پاس کچھ دیر بیٹھنے کا موقع ملا۔ بس یوں سمجھیں اس نے میرے چودہ طبق روشن کر دیئے۔ میں نے پوچھا شوکت تمہیں غصہ تو آتا ہوگا کہ قدرت نے تمہیں موچی کیوں بنا دیا، افسر بھی تو بنا سکتی تھی۔ اس نے میری طرف حیرت سے دیکھا اور پوچھا ''موچی بنا کے میرے ساتھ کیا زیادتی کی ہے؟'' آپ کو کیا معلوم میرے دو بھائی معذور ہیں اور اُٹھ نہیں سکتے، وہ مجھے کہتے ہیں، شوکت بھائی آپ کتنے خوش قسمت ہیں، صبح گھر سے جاتے ہیں، سارا دن کام کرتے ہیں اور شام کو واپس آ کر اپنے بچوں اور ہمیں دیکھتے ہیں۔ کاش ہم بھی چل پھر سکتے۔ کیا اس وقت میں ان کے سامنے یہ شکوہ کر سکتا ہوں کہ اللہ نے مجھے موچی کیوں بنایا افسر کیوں نہیں بنایا، وہ قدرت جو مجھے روزانہ یہاں بھیج دیتی ہے، اگر چاہتی تو بھائیوں کی طرح مجھے بھی بستر سے لگا دیتی تو میں کیا کر لیتا۔ اس کی یہ بات سن کر میں کانپ گیا۔ وہ اپنے کام میں مگن بھی تھا اور باتیں بھی کئے جا رہا تھا۔ میں نے پوچھا شوکت کبھی کسی سے لڑائی ہوئی۔ کبھی غصہ آیا تو اس نے عجیب جواب دیا۔ کہنے لگا بابو جی لڑنا کس بات پر۔ مجھے تو حیرت ہوتی ہے جب لوگ ذرا ذرا سی بات پر ایک دوسرے سے لڑتے ہیں، بلکہ مرنے مارنے پر تل جاتے ہیں۔ کئی بار مجھے لوگ مزدوری کے پیسے نہیں دیتے یا کم دیتے ہیں میں اس ریڑھی والے کی طرح جو سامنے کھڑا ہے کبھی نہیں لڑتا۔ وہ سبزی بیچتا ہے اور کبھی دو روپے بھی کم ملیں تو ایسے غصے میں آ جاتا ہے جیسے اس سے بڑا بدمعاش دنیا میں کوئی نہ ہو، اس لئے اس کی بازار میں ایک آنے کی عزت نہیں، اس پر میرے منہ سے ایسے ہی نکل گیا شوکت کیا انسان کو عزت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اصل چیز تو دولت ہے۔ یہ سنتے ہی اس نے جوتی مرمت کرنے کا کام روک کر میری طرف دیکھا، اس کی آنکھوں میں حیرت تھی جیسے کہہ رہا ہو آپ سے بڑا احمق بھی شاید ہی کوئی ہو، پھر اس نے کہا بابو جی! کیا آپ عزت کو دولت نہیں سمجھتے؟ کیا عزت بھی دولت کی طرح کمائی نہیں پڑتی، بلکہ دولت کمانا تو آسان ہے عزت کمانا بہت مشکل ہے، کیونکہ عزت کوئی ایسی چیز تو ہے نہیں جو کسی دکان سے مل جائے، نہ ہی اسے آپ دولت کی طرح راہ چلتے کسی شخص پر گن تان کر حاصل کر سکتے ہیں۔

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول رستم خان جمالی کلسٹر بجٹ کا تفصیلی معائنہ کیا، اس موقع پر انہوں نے کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کردہ فنڈز، ان کے استعمال، اخراجات کے ریکارڈ اور ترقیاتی و تعلیمی ضروریات کے لیے مختص بجٹ کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام سے بجٹ کے استعمال اور مالی معاملات کے حوالے سے تفصیلات طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ سرکاری فنڈز کو مقررہ قواعد وضوابط اور شفاف مالیاتی نظام کے تحت خرچ کیا جائے اور کلسٹر بجٹ کے ہر ایک روپے کا درست اور بامقصد استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی اداروں کو فراہم کیے جانے والے فنڈز کا بنیادی مقصد اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیمی ماحول کی بہتری، طلباء کو بہتر تدریسی سہولیات کی فراہمی اور اداروں کے انتظامی امور کو مؤثر بنانا ہے، لہٰذا اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا مالی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ بجٹ کے تمام اخراجات کا مکمل ریکارڈ، بلز اور ضروری دستاویزات مرتب رکھے جائیں تاکہ مالی معاملات میں شفافیت اور

میر رضا قتل کیس: جے آئی ٹی کا سوشل میڈیا ریکارڈ کیلئے عدالت سے رجوع

کراچی (اے این این) میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کرنے والی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) نے میر رضا اور دو نامزد مشتبہ افراد کے سوشل میڈیا اور واٹس ایپ اکاؤنٹس کا ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے عدالت سے رجوع کرلیا۔ کراچی میں نوجوان تاجر میر رضا علی کی پراسرار موت کے معاملے پر جوڈیشل کمیشن کی سفارشات اور مقتول کے اہل خانہ کے مطالبے پر بنائی گئی جے آئی ٹی کی تحقیقات جاری ہیں۔ جے آئی ٹی میں شامل تفتیشی افسر کی درخواست پر جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی نے میر رضا کے مشتبہ دوستوں علی شاز اور احمد بھاردے کو 24 نومبر کے لیے نوٹس جاری کردیے۔ تفتیشی افسر نے عدالت

بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا

امید ہے بھارت معاہدے کا احترام کرتے ہوئے حوالگی کا عمل تیز کرے گا، بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ

ڈھاکہ (اے این این) بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ شمع عبیداسلام نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو انٹرویو میں کہا کہ شیخ حسینہ کو قتل کے احکامات دینے کے جرم میں سزا سنائی جاچکی ہے، بھارت اور بنگلا دیش کے درمیان مجرموں کی حوالگی کا معاہدہ موجود ہے، شیخ حسینہ اور دیگر سزا یافتہ سابق وزرا کی واپسی کے لیے متعدد خطوط بھی ارسال کیے جاچکے ہیں۔ شمع عبیداسلام کا کہنا تھا کہ امید ہے بھارت معاہدے کا احترام کرتے ہوئے حوالگی کا عمل تیز کرے گا، شیخ حسینہ بنگلا دیش میں داخل ہوتے ہی گرفتار کرکے جیل بھیج دی جائیں گی۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت نے تیرہ لاکھ سے زائد روہنگیا پناہ گزینوں کی محفوظ اور باوقار وطن واپسی کا مطالبہ بھی کیا۔ بنگلا دیش نے بھارت سے سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی فوری حوالگی کا مطالبہ کردیا۔ بنگلا دیشی وزیر مملکت برائے خارجہ شمع عبیداسلام نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو انٹرویو میں کہا کہ شیخ حسینہ کو قتل کے احکامات دینے کے جرم میں سزا سنائی جاچکی ہے، بھارت اور بنگلا دیش کے درمیان مجرموں کی حوالگی کا معاہدہ موجود ہے، شیخ حسینہ اور دیگر سزا یافتہ سابق وزرا کی واپسی کے لیے متعدد خطوط بھی ارسال کیے جاچکے ہیں۔ شمع عبیداسلام کا کہنا تھا کہ امید ہے بھارت معاہدے کا احترام

مسقط: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک عمان کے وزیر تجارت، انور بن ہلال بن حمدون الجابری سے ملاقات کررہے ہیں

احمد پور شرقیہ میں المناک ٹریفک حادثہ 7 افراد جاں بحق ایک زخمی

لوڈر ڈالہ پر ٹوٹل 16 افراد سوار تھے، 8 افراد حادثہ کے وقت نکل آئے تھے، ٹرک تلے دبے افراد میں سے 7 ڈیڈ باڈیز کو نکال لیا گیا، ایک شخص کو زخمی حالت میں نکالا گیا

امدادی ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، حادثے کا شکار افراد خیر پور ڈاہا سے بہاول پور جا رہے تھے

احمد پورشرقیہ (اے این این) احمد پورشرقیہ میں المناک ٹریفک حادثے میں 7 افراد جاں بحق، جبکہ ایک زخمی ہوگیا ہے۔ پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑے لوڈر ڈالے سے ٹکرا کر الٹ گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑے لوڈر ڈالے سے ٹکرا کر الٹ گیا جس کے نتیجے میں 7 افراد لوڈر ڈالے کے نیچے دب کر جاں بحق ہوگئے، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور اعلیٰ حکام بھی امدادی ٹیموں کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ لوڈر ڈالہ پر ٹوٹل 16 افراد سوار تھے، 8 افراد حادثہ کے وقت نکل آئے تھے، ٹرک تلے دبے افراد میں سے 7 ڈیڈ باڈیز کو نکال لیا گیا، ایک شخص کو زخمی حالت میں نکالا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق امدادی ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، حادثے کا شکار افراد خیر پور ڈاہا سے بہاول پور جا رہے تھے۔ احمد پورشرقیہ میں المناک ٹریفک حادثے میں 7 افراد جاں بحق، جبکہ ایک زخمی ہوگیا ہے۔ پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑ

سی آئی اے پولیس لسبیلہ کی کارروائی، موٹر سائیکل لفٹر گرفتار، کراچی سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد

ملزم کو دوران سنیپ چیکنگ دبئی مسجد چیک پوسٹ پر روکا گیا، اوتھل تھانے میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع

اوتھل (یو این اے) انچارج CIA لسبیلہ جان محمد جاموٹ کی کامیاب کارروائی موٹر سائیکل لفٹر گرفتار، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد لسبیلہ پولیس کے ترجمان کی پریس ریلیز کے مطابق انچارج CIA پولیس لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ دوران سنیپ چیکنگ مین۔ آر۔ سی۔ ڈی روڈ دبئی مسجد چیک پوسٹ اوتھل کے مقام پر کراچی/حب کی جانب سے آنے والی ایک موٹر سائیکل سوزوکی 110 رجسٹریشن نمبر KQI-1021 کو مشکوک جان کر روکا۔ موٹر سائیکل سوار نے دریافت پر اپنا نام و پتہ عنایت اللہ ولد دولت خان قوم زہری سکنہ گدر شانہ ڈسٹرکٹ سوراب بتلایا۔ جس سے موٹر سائیکل کے کاغذات طلب کیے گئے لیکن پیش نہ کرسکا۔ موٹر سائیکل کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے پر پتہ چلا کہ موٹر سائیکل متذکرہ بالا کراچی کے تھانہ سہراب گوٹھ کی حدود سے گن پوائنٹ پر چھینی گئی ہے۔ ملزم نے چھینی گئی موٹر سائیکل قبضہ خود میں رکھ کر جرم زیر دفعہ 412 ت پ کا ارتکاب کیا۔ جس کے خلاف اوتھل پولیس نے مقدمہ نمبر 77/2026 درج کر کے مزید تفتیش شروع

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا صحافی حماداللہ کے چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے نوجوان صحافی حماداللہ کے چچا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے حماداللہ اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں حماداللہ اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے نوجوان صحافی حماداللہ کے چچا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے حماداللہ اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور

12 نہیں 50 صوبے بھی بن جائیں تو مسائل حل نہیں ہوں گے، شاہی سید

سندھ میں کرپشن کا نظام سب کے سامنے ہے، کرپشن کی شرح میں خطرناک اضافہ ہوا ہے، صدر اے این پی سندھ

کراچی (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید نے کہا ہے کہ 12 نہیں 50 صوبے بھی بن جائیں تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پیپلز پارٹی نے کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں کام نہیں کیا۔ کراچی میں ضلع سینٹرل کے تحت ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے شاہی سید نے کہا کہ بلاول بھٹو کے بیان پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے، مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، آج سندھی قوم پرست اور مہاجر دونوں ریلیاں نکال رہے ہیں۔ شاہی سید نے کہا کہ 18 ویں ترمیم پر من وعن عمل نہیں ہوا، بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنایا جائے۔ پارلیمنٹ، عدلیہ اور میڈیا کو مضبوط کرنا ہوگا، مضبوط ادارے ہی پاکستان کو مضبوط بنائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ میں کرپشن کا نظام سب کے سامنے ہے، کرپشن کی شرح میں خطرناک اضافہ ہوا ہے، اداروں کو درست کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید نے کہا ہے کہ 12 نہیں 50 صوبے بھی بن جائیں تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پیپلز پارٹی نے کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں کام نہیں کیا۔ کراچی میں ضلع

اسپیکر ایاز صادق کا ریفرنڈم سے متعلق سوال کا جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (اے این این) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ریفرنڈم سے متعلق سوال کا جواب دینے سے گریز کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں صحافی نے اسپیکر ایاز صادق سے استفسار کیا کہ صدر مملکت آصف زرداری سے ملاقات میں کیا بات ہوئی؟ کیا ریفرنڈم پر کوئی تحریک آرہی ہے؟ اس پر اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ صدر مملکت سے صرف ملاقات ہی نہیں ہوئی، میں تو گلے بھی ملا، ہماری گپ شپ بھی ہوئی، اصل بات تو یہ ہے۔ اس موقع پر اسپیکر نے ریفرنڈم سے متعلق سوال پر جواب دینے سے گریز کیا۔ صحافی نے پوچھا کہ قومی اسمبلی اجلاس میں تاخیر کیوں ہورہی ہے؟ اس پر سردار ایاز صادق نے جواب دیا کہ

آئندہ الیکشن میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر بھرپور حصہ لوں گا، میر اورنگزیب پنہور

سابق ایم پی اے میر اورنگزیب پنہور کی پریس کلب دوداپور ایٹ داؤد جہانپور آمد، صحافیوں سے اہم معاملات پر گفتگو

جیکب آباد (پ ر): سابق رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) میر اورنگزیب خان پنہور نے پریس کلب دوداپور ایٹ داؤد جہانپور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مقامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علاقے کی سیاسی صورتحال اور ترقیاتی معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے میر اورنگزیب خان پنہور نے کہا کہ انہیں سیاست میں آئے ابھی مختصر عرصہ ہوا ہے، لیکن جیکب آباد کے حلقے سے کامیاب ہوکر انہوں نے جو عوامی خدمت کی ہے وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گڑھی خیرو کے حلقے میں ان کے ووٹرز کی بڑی تعداد موجود ہے جنہوں نے ہر مشکل وقت میں ان کی بھرپور حمایت کی ہے، اس لیے انہوں نے اپنے ووٹرز کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا اور نہ ہی آئندہ چھوڑیں گے، کیونکہ یہی لوگ ان کا اصل اثاثہ ہیں۔ انہوں نے دوٹوک اعلان کیا کہ انشاء اللہ آئندہ عام انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر بھرپور حصہ لیں گے۔ سابق رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) میر اورنگزیب خان پنہور نے پریس کلب دوداپور ایٹ داؤد جہانپور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مقامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علاقے کی سیاسی

بدامنی، مہنگائی، پیٹرولیم لیوی، بادڑ... کے خلاف

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے زیر اہتمام صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، جمیل احمد مشوانی، حافظ نور علی، مولانا عبدالکبیر شاکر، ارشد یوسفزئی اور دیگر بیگم گلی روڈ صادق شہید گراؤنڈ کے سامنے لگائے آگاہی کیمپ میں بیٹھے ہیں

کراچی، گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (اے این این) کراچی میں تین ہٹی بغدادی مسجد کے قریب گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش ملی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی لاش قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کر دی گئی، خاتون کی شناخت 38 سالہ نائلہ زوجہ وحید کے نام سے کی گئی۔ جمشید کوارٹر پولیس کا کہنا تھا کہ واقعے سے متعلقہ کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ کراچی میں تین ہٹی بغدادی مسجد کے قریب گھر سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش ملی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی لاش قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کر دی گئی، خاتون کی شناخت 38 سالہ نائلہ زوجہ وحید کے نام سے کی گئی۔ جمشید کوارٹر پولیس کا کہنا تھا کہ واقعے سے متعلقہ

ایران بیک وقت 2 میزائل داغنے والا نیا منفرد لانچر سامنے لے آیا

دشمن کو پہنچنے والا نقصان محض آغاز ہے، مزید ذلت کا سامنا کرنا پڑے گا، سربراہ پاسداران انقلاب کی وارننگ

تہران (جی این ایم) ایرانی فوجی کمانڈرز نے امریکہ کو خبردار کرتے ہوئے بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھنے والا نیا میزائل لانچر متعارف کرا دیا، ایران کے سرکاری ٹیلی وژن نے پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی اور فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی کے ایک زیر زمین میزائل اڈے کے دورے کی فوٹیج بھی نشر کی جس میں دونوں کمانڈرز میزائلوں اور فوجی سازوسامان سے بھری طویل زیر زمین سرنگوں میں نظر آئے۔ ایرانی سرکاری ٹیلی وژن کے مطابق پہلی مرتبہ متعارف کرائے جانے والے نئے لانچر کو بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھنے والا نظام قرار دیا گیا ہے، اس کے ساتھ نشر کی گئی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی اور فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی طویل زیر زمین سرنگوں میں موجود ہیں جہاں میزائلوں اور مختلف فوجی سازوسامان کا ذخیرہ دکھایا گیا، عسکری قیادت کے اس دورے اور نئے لانچر کی نمائش کو موجودہ کشیدہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں ایک نمایاں پیغام کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ زیر

یمن کے ساحلی شہر پر سعودی حملے میں 4 افراد ہلاک، 18 زخمی، حوثی میڈیا

صنعا (اے این این) یمن کے حوثی میڈیا نے دعوی کیا ہے کہ سعودی عرب کی جانب سے یمن کے ایک بندرگاہی شہر پر حملے کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک اور 18 زخمی ہوگئے۔ حملے میں مبینہ طور پر شہری علاقوں اور تنصیبات کو نقصان پہنچا، جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ یمن کے حوثی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے فضائی حملے میں اہم بندرگاہی شہر حدیدہ میں 4 افراد ہلاک اور 18 زخمی ہوگئے۔ حملے میں یمن کی سرکاری ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کی عمارت کو نشانہ بنایا گیا۔ حملہ بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع شہر حدیدہ میں کیا گیا۔ حوثی میڈیا کے مطابق نشانہ ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کی عمارت تھی۔ سعودی عرب کی جانب سے فوری طور پر اس حملے پر کوئی

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال (IRADA) کے دورے کے مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آٹے اور گندم کی سپلائی ڈبل کرنے کی ہدایت

لاہور (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آٹا اور گندم کی سپلائی ڈبل کردی جائے گی اور سپلائی ڈبل کرنے کے تین دن بعد مہنگا آٹا بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں آٹا کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس میں آٹا کے نرخ میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا اور آٹا کے نرخ کنٹرول کرنے کا ٹاسک بھی دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مافیاز کو آٹا کے نرخ میں من مانی کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ عوام کو سستی گندم اور آٹا کی فراہمی کا عہد ہر صورت نبھائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آٹا کے نرخ میں کمی لانے کیلئے بہت بڑا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر آٹا اور گندم کی سپلائی ڈبل کردی جائے گی اور سپلائی ڈبل کرنے کے تین دن بعد مہنگا آٹا بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا جائے گا۔

WHERE ARE IQRAR AHMED & SAGHEER AHMED?
SAFE RECOVERY IS THEIR RIGHT!
BRING THEM BACK ALIVE!
#ReleaseIqrarAndSagheerBaloch
#EndEnforcedDisappearances
Two Brothers ONE Broken Family ENDLESS Pain

وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ کی قیادت میں صغیر احمد اور اقرار احمد کے اہلخانہ احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

سوڈان: شہری علاقوں پر ڈرون حملے میں 3 افراد ہلاک، 10 زخمی

خرطوم (اے این این) سوڈان کی ریاست خرطوم کے علاقے کراری میں شہری مقامات کو نشانہ بنانے والے ڈرون حملے میں تین شہری ہلاک اور پانچ بچوں سمیت 10 دیگر زخمی ہو گئے۔ خرطوم کے میڈیا آفس کے مطابق خرطوم کے گورنر احمد عثمان حمزہ نے النا ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی، ان کے ہمراہ وزارت صحت کے ڈائریکٹر جنرل محمود البدری اور ہسپتال کے ڈائریکٹر جمال الطیب بھی تھے۔ زندہ بچ جانے والوں نے حکام کو بتایا کہ دھماکے سے ایک کمرے کی چھت گر گئی اور دیواروں کو نقصان پہنچا، پولیس نے ملبے کے نیچے سے ہلاک ہونے والوں کی لاشیں نکال کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ گورنر نے شہریوں کو ان کے گھروں میں نشانہ بنانے کی

گورنر سندھ کی ہالا آمد، بشیر میمن سے اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (اے این این) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے ہالا میں پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر بشیر میمن کی اہلیہ کے جنازے اور تدفین میں شرکت کی۔ گورنر سندھ نے مرحومہ کی قبر پر فاتحہ خوانی کی اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور اپنی جانب سے پھولوں کی چادر پیش کی۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے بشیر میمن اور دیگر اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ گورنر سندھ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر وحوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔ ظہار کیا۔ گورنر سندھ نے دعا کی کہ اللہ

اسد قیصر کا بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی موقف کی حمایت کا خیر مقدم

اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی کے موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسلام آباد میں پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے اراکین قومی اسمبلی کے اجلاس میں عاطف خان، سلیم الرحمان، اسد قیصر و دیگر نے شرکت کی۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو زرداری سے قومی اسمبلی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے حق میں ووٹ نہ دینے کا مطالبہ کردیا۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری کے بانی چیئرمین کو سیاسی قیدی قرار دینے اور مخصوص نشستوں پر پی ٹی آئی مو?قف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسد قیصر نے مزید کہا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو عدالتوں میں پیش کرکے دفاع کا حق دیا جائے، مولانا فضل الرحمان اور دیگر سیاسی رہنماؤں کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ گرفتار منتخب نمائندوں کو متعلقہ عدالتوں میں پیش کرکے دفاع کا حق دیا جائے، پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماو?ں، کارکنوں کے مقدمات میرٹ پر چلائے جائیں۔ ہنما اسد قیصر نے بلاول بھٹو کے پی ٹی آئی کے موقف کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ اسلام آباد میں پی ٹی

روس کا یوکرین پر حملہ، بچے سمیت 2 افراد ہلاک، 60 زخمی

روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل

ماسکو، کیف (جی این ایم) روس نے یوکرین کے وسطی صنعتی شہر کریوی ریح پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا جس کے نتیجے میں سات سالہ بچے اور ایک خاتون سمیت 2 افراد ہلاک جبکہ 60 افراد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی حملے کے دوران میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا گیا، جس سے شہر میں جانی نقصان ہوا۔ دوسری جانب روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، جبکہ ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل ہوا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق نیٹو نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو فضائی حدود کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو دانستہ حملہ قرار دینے کے بجائے غلطی قرار دیدیا جبکہ پولینڈ کے وزیراعظم پولینڈ ڈونلڈ ٹسک نے روسی حملے کو دانستہ اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ سیکرٹری جنرل نیٹو مارک روٹے کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ نیٹو پولینڈ کی سرزمین کے ہر انچ کا دفاع کرے گا، 23 نومبر کو اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں اتحادی

گورنر فیصل کریم کنڈی کا سافٹ ویئر بھی اپ ڈیٹ لگتا ہے، شوکت یوسفزئی

صوبوں کی بات کرنے والا بانی پی ٹی آئی سے براہ راست بات کرے، پی ٹی آئی رہنماء

پشاور (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبر پختونخوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ گورنر فیصل کریم کنڈی کا سافٹ ویئر بھی اپ ڈیٹ لگتا ہے، وہ پہلے مولانا پر الزامات لگاتے تھے، اب احترام کی بات کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ معاشی بحران میں حکمران اپنے اخراجات کم کیوں نہیں کرتے؟ وزراء کے گھروں کی تزئین وآرائش پر کروڑوں خرچ کرنا دانشمندی نہیں، حکومت کی درآمدی اور برآمدی پالیسی فرسودہ ہوچکی ہے، موجودہ پالیسی ملک کی ضروریات پوری نہیں کر پا رہی، حکومتی پالیسیوں سے عوام نہیں مخصوص طبقہ فائدہ اٹھا رہا ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ چینی برآمد کرنے سے ملک میں بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے، ماضی میں چینی برآمد کرکے مہنگے داموں درآمد کرنا پڑی، کیا حکومت ضمانت دے سکتی ہے کہ چینی کا بحران نہیں آئے گا؟ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ایران اور امریکا کی ثالثی خوش آئند ہے، ایران پڑوس میں ہے، وہاں سے اپنے ملک کے لیے سستی گیس نہیں لا سکتے۔ شوکت یوسفزئی نے یہ بھی کہا کہ چھوٹے صوبوں کے قیام سے ملک کمزور

فتح جنگ، مزدا اور شہزور پک اپ میں تصادم، دو افراد جاں بحق

فتح جنگ (اے این این) فتح جنگ کے قریب مزدا اور شہزور پک اپ میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ شہزور ڈرائیور کی دوران ڈرائیونگ سڑک سے توجہ ہٹنے کے باعث پیش آیا۔ موٹروے پولیس کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹرز فتح جنگ منتقل کر دیا گیا۔ فتح جنگ کے قریب مزدا اور شہزور پک اپ میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ شہزور ڈرائیور کی دوران ڈرائیونگ سڑک سے توجہ ہٹنے کے باعث پیش آیا۔ موٹروے پولیس کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹرز فتح جنگ منتقل کر دیا گیا۔ فتح جنگ کے قریب مزدا اور

نئے صوبوں کے قیام اور ریفرنڈم پر پارلیمنٹ میں کھل کر بحث ہونی چاہیے: ملک احمد

اسلام آباد (اے این این) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام اور ریفرنڈم کے معاملے پر پارلیمنٹ میں تمام سیاسی جماعتوں کو کھل کر بحث کرنی چاہیے، کیونکہ عوام کا ریاست سے رشتہ اسی وقت مضبوط ہوسکتا ہے جب انہیں وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ عوام کا ریاست سے رشتہ کمزور ہورہا ہے اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم سے محرومی اور احساس تفاوت میں اضافہ ہوتا ہے، شہریوں کو ان کا جائز حصہ ملنا چاہیے، کیونکہ نئے صوبوں کا معاملہ محض انتظامی اخراجات کا نہیں بلکہ عوام کی ریاست میں شمولیت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی

شمالی غزہ میں اسرائیلی فوج کی دہشت گردی، رہائشی عمارتیں تباہ 3 امدادی کارکن شہید

امدادی قافلے پر حملہ اسرائیلی جنگی جرائم میں نیا اضافہ ہے، حماس کی مذمت

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کے زیر قبضہ علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو دھماکوں سے تباہ کردیا، جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ پر بھی حملہ کیا گیا۔ دوسری جانب غزہ میں شہریوں اور امدادی کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی فوج نے کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر بمباری کرکے اسے تباہ کردیا، حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہوگئے۔ حماس نے امدادی قافلے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھوک اور محاصرے کے دوران امدادی گاڑی کو نشانہ بنانا اسرائیلی درندگی کی نئی مثال ہے، یہ کارروائی شہریوں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے کے تسلسل کا ثبوت ہے۔ حماس نے ثالثوں اور ضامن فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال پر غور کے لیے فوری اجلاس بلایا جائے غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا

کوئٹہ، سردار حسن موسیٰ گرلز ڈگری کالج میں فوڈ گالا کے افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، کالج کی پرنسپل صائمہ مقبول کے ہمراہ اسٹالز کا دورہ کر رہی ہیں

عالمی منڈی میں روئی کی قیمتوں میں کمی

پاکستان میں معیاری کپاس کی قلت کے باعث نرخ مستحکم

کراچی (اے این این) امریکی، چینی اور روسی صدور کی ملاقات کے بعد امریکا اور چین کی درآمدی و برآمدی ٹیرف میں کمی کی توقعات کے باعث عالمی سطح پر روئی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان پیدا ہوگیا ہے جبکہ اسکے برعکس پاکستان میں معیاری روئی کی انتہائی محدود دستیابی سے قیمتیں مستحکم رہیں۔ مقامی ٹیکسٹائل ملوں کی خریداری سرگرمیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ حکومت کی جانب سے ایگریکلچر اور فوڈ سیکورٹی کے لیے ''نیشنل ایگریکلچر اینڈ فوڈ سیکورٹی ایڈوائزری کونسل'' کے قیام کی اطلاعات زیر گردش ہیں جس میں تین بڑے زرعی اداروں کو بھی ضم کیا جائے گا۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے تین بڑی طاقتوں کے سربراہان کی ملاقات کے نتیجے میں امریکا وچین کی درآمد و برآمدات پر ٹیرف میں متوقع کمی کے باعث بین الاقوامی منڈیوں میں روئی کی قیمتوں میں ریکارڈ مندی سامنے آئی جس کے نتیجے میں گزشتہ ہفتے نیو یارک کاٹن ایکس چینج میں دسمبر وعدہ روئی کے سودوں میں 3.62 سینٹ فی پاؤنڈ کمی واقع ہوئی جس سے پاکستان کی کاٹن مارکیٹوں میں بھی گزشتہ ہفتے

پشکان کے خصوصی افراد کی گھر گھر جا کر رجسٹریشن کا فیصلہ

گوادر (اے این این) [illegible] اداروں کو بھی بلایا جائے، صوبوں کے لفظ سے

انڈونیشیا، فیکٹری میں آتشزدگی سے 3 افراد ہلاک، 36 لاپتہ افراد کی تلاش جاری

جکارتہ (جی این ایم) انڈونیشیا میں ایک فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی کے بعد امدادی ٹیموں نے ملبے میں پھنسے افراد کی تلاش کا آپریشن شروع کردیا۔ واقعے میں ابتدائی طور پر 3 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ 36 افراد تاحال لاپتہ ہیں، جن کے بارے میں خدشہ ہے کہ وہ آگ لگنے کے بعد عمارت کے اندر پھنس گئے۔ آگ ہفتے کی سہ پہر صوبہ بنتن کے شہر سرنگ کے علاقے چیکانڈے میں واقع کینڈی بنانے والی فیکٹری میں لگی، جہاں دودھ سے بنی مٹھائیاں اور دیگر مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ آگ نے تین منزلہ فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جبکہ عمارت کی چھت کے کچھ حصے بھی گر گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 15 افراد کو زندہ بچالیا گیا، جن میں 4 زخمی ہیں، جبکہ 36 کارکن تاحال لاپتہ ہیں۔ آگ کے

QUETTA PRESS CLUB
کوئٹہ پریس کلب
پریس کانفرنس

کوئٹہ، اپوزئی نوجوانان ایکشن کمیٹی ژوب کے رہنماؤں عظیم مندوخیل، نور خان مندوخیل، نادر خان، جلیل خان، جعفر خان، اکبر خان، ولی خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، آصف سالانی

بلوچستان بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال حکمرانوں کے لیے واضح پیغام ہے، عوامی مسائل حل کیے جائیں

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے کوئٹہ کے رکن میر محمد آصف سالانی محمد عامر جتوئی محمد شریف لانگو چشتی نے کامیاب ہڑتال پر اپنی تحریری بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں آل پارٹیز اور انجمن تاجران کی جانب سے کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کے بعد حکمرانوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ حکومت کے لیے یہ ایک واضح پیغام ہے کہ عوام اب مزید مشکلات برداشت کرنے کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات، گیس، بجلی اور روزگار فراہم نہیں کرسکتی تو اسے اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ عوام موجودہ حکومتی پالیسیوں سے بیزار ہوچکے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کے منتظر ہیں۔ بلوچستان کے سرد علاقوں میں شدید سردی کے موسم کے دوران گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے تاکہ شہریوں کو سرد موسم میں بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔ گیس اور بجلی عوام کی بنیادی ضروریات ہیں، ان کی فراہمی میں غفلت اور مسلسل تعطل عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ اس وقت بلوچستان سمیت ملک بھر میں بے روزگاری، مہنگائی اور بدامنی جیسے سنگین مسائل عوام کے لیے پریشانی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ م اب مزید مشکلات برداشت کرنے کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات، گیس، بجلی اور روزگار فراہم نہیں کرسکتی تو اسے اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ عوام موجودہ حکومتی پالیسیوں سے بیزار ہوچکے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات

روہڑی ریلوے اسٹیشن کے اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند

روہڑی ریلوے اسٹیشن پر ریلوے حکام کی کارروائی، دو اسٹالوں پر غیر متعلقہ سامان کی فروخت روک دی

سکھر (اسلم سومرو) روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت کے حوالے سے چند روز قبل اخبارات میں خبریں شائع ہونے کے بعد محکمہ ریلوے کے افسران نے نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کی اور دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت بند کروا دی تفصیلات کے مطابق روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم اسٹالوں پر کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ غیر ضروری سامان کی فروخت کے حوالے سے اخبارات میں خبریں شائع ہوئی تھیں، جس کے بعد ریلوے حکام نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اسٹالوں کا جائزہ لیا اور اسٹال نمبر 8 اور 10 پر غیر ضروری اشیاء کی فروخت روکنے کے احکامات جاری کیے ریلوے حکام کی جانب سے نوٹس لینے کے بعد دونوں اسٹالوں پر غیر ضروری سامان کی فروخت بند کروا دی گئی، جسے مسافروں کی سہولت اور ریلوے اسٹیشن کے نظم و ضبط کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے مسافروں نے ریلوے حکام کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ روہڑی ریلوے اسٹیشن پر قائم تمام اسٹالوں کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ اسٹیشن پر صرف مقررہ اور

غلام رسول عمرانی کے خلاف مقدمات کی مذمت کرتے ہیں، امین عمرانی

عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے

بابا کوٹ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر سرکردہ قبائلی رہنما بابو محمد امین عمرانی نے تمندار اقوام عمرانی کے سربراہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور ان کے خاندان کے خلاف مبینہ جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات کے اندراج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری عمرانی قوم کی عزت، وقار، غیرت اور قبائلی روایات ہمارے لیے انتہائی مقدم ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی ایک معتبر قبائلی شخصیت ہیں اور ان کے خاندان کے خلاف اس نوعیت کے اقدامات سے نہ صرف قبائلی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے بلکہ ایسے اقدامات سے حق اور سچ کی آواز کو بھی دبایا نہیں جاسکتا۔ کسی بھی شخص یا خاندان کو مبینہ بے بنیاد مقدمات کے ذریعے دبانا قابل قبول نہیں۔ بابو محمد امین عمرانی نے مزید کہا کہ عمرانی قوم اپنی تاریخ، روایات، اتحاد اور باہمی احترام کے حوالے سے ایک مضبوط شناخت رکھتی ہے۔ قوم کے سربراہ اور ان کے خاندان کے ساتھ پیش آنے والے معاملات پر پوری قوم کو تشویش ہے۔ ہم ہر مشکل وقت میں اپنی قوم کے وقار اور جائز حقوق کے تحفظ کے لیے متحد کھڑے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے، حقائق سامنے لائے جائیں اور قانون وانصاف کے تقاضوں کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ عمرانی قوم کے

بقیہ 01

میں گردوغبار کی شدت برقرار ہے اور درختوں پر بھی دھول اور مٹی کی تہہ جم گئی ہے۔ اسموگ کے باوجود شہریوں کی بڑی تعداد حفاظتی تدابیر اختیار کیے بغیر معمولات زندگی جاری رکھے ہوئے ہے اور چھٹی کے روز تفریحی مقامات کا رخ کر رہی ہے۔ دوسری جانب فضائی آلودگی پر قابو پانے کے لیے محکمہ ماحولیات کی ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں۔ دھواں چھوڑنے والی فیکٹریوں اور اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری جرمانے عائد کیے جا رہے ہیں، تاہم اس کے باوجود اسموگ کی شدت میں کمی نہیں آ سکی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 13 اور زیادہ سے زیادہ 26 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ شہر میں فی الحال بارش کی پیش گوئی نہیں کی گئی۔ محکمہ موسمیات نے شہریوں کو فضائی آلودگی کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے فیس ماسک استعمال کرنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ 02

بلوچستان غیر رسمی تعلیم کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔ اسی طرح صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کا مسودہ قانون ایوان میں پیش کیا۔ مذکورہ مسودہ قانون پہلے ہی متعلقہ قائمہ کمیٹی سے منظور ہو چکا تھا، جس کے بعد اسمبلی نے اسے بھی منظور کرلیا۔

بقیہ 03

کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور قطر دونوں صورت حال پر فکرمند ہیں اور تنازع کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایرانی ترجمان کے مطابق ثالث کسی بھی صورت حال میں اپنی کوششیں اور خیرسگالی پر مبنی سفارتی کردار جاری رکھتے ہیں۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی رابطوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔

بقیہ 04

کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی۔ گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم ازکم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم ازکم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم سال 2026 کی نئی فصل کی ہونی چاہیے، جس میں نمی کی زیادہ سے زیادہ شرح 14.5 فیصد، پروٹین کم ازکم 10 فیصد اور ویٹ گلوٹن کی مقدار کم ازکم 23 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ غیر معیاری گندم مسترد کردی جائے گی، جبکہ ٹھیکے کا فیصلہ مجموعی طور پر کم ترین لاگت کی بنیاد پر ہوگا۔ گندم کی ترسیل کے لیے دو مرحلے مقرر کیے گئے ہیں۔ پہلے مرحلے میں 4 لاکھ ٹن گندم 25 دسمبر 2026 سے 5 جنوری 2027 کے دوران پاکستان روانہ کرنا ہوگی، جبکہ مزید 4 لاکھ ٹن گندم 6 سے 15 جنوری 2027 کے دوران روانہ کی جائے گی۔ ٹینڈر کے مطابق تمام 8 لاکھ ٹن گندم 15 فروری 2027 تک کراچی یا گوادر کی بندرگاہوں پر پہنچانا لازمی ہوگا۔ مقررہ وقت پر گندم کی ترسیل نہ کرنے کی صورت میں ابتدائی جرمانہ 25 امریکی سینٹ فی ٹن یومیہ مقرر کیا گیا ہے۔ ٹی سی پی نے ٹینڈر میں گندم کی مقررہ مقدار میں 10 فیصد کمی یا اضافے کی گنجائش بھی رکھی ہے، جس کے تحت حتمی درآمدی مقدار میں ضرورت کے مطابق ردوبدل کیا جاسکے گا۔

بقیہ 05

ایک افغان باشندے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ افغانستان میں کاروبار کے مواقع نہ ہونے کے باعث وہ روزگار کی تلاش میں دوسرے ممالک جانے کے خواہش مند ہیں۔ دوسری جانب نوکنڈی اور گردونواح میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آئے روز کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 06

گیس کمپنی کی پائپ لائن کے قریب ایک پودا لگانے کے لیے کھدائی کر رہے تھے کہ اسی دوران ڈرون پہنچ گیا۔ ڈرون کو دیکھ کر وہ گلی کی جانب بھاگے، تاہم مبینہ طور پر ڈرون نے انہیں نشانہ بنایا۔ واقعے میں آغا خالد شاہ شدید زخمی ہوگئے جبکہ ان کے ہمراہ موجود دو بچے بھی معمولی زخمی ہوئے۔ ایس ایچ او بلال نے زخمی شخص کو اپنی نگرانی میں شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال منتقل کیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق زخمی شخص کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، جبکہ بچوں کی والدہ نے انہیں ہسپتال منتقل کرنے سے انکار کیا۔ پولیس تھانہ ولی خان نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 07

پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کا آغاز ہوا۔ نثار کھوڑو کی سربراہی میں پیپلز پارٹی کے وفد میں پارٹی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی، صوبائی وزیر داخلہ ضیاالحسن لنجار اور صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر شاہ شامل تھے۔ دوسری جانب متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد کی قیادت ڈاکٹر فاروق ستار نے کی، جبکہ وفد میں سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر طحہٰ احمد سمیت دیگر رہنما موجود تھے۔ دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان کراچی میں چھ دسمبر ریلی ملتوی کرانے سے متعلق مشاورت کی گئی۔ پیپلز پارٹی کے وفد نے ایم کیوایم سے چھ دسمبر کی ریلی ملتوی کرنے کی استدعا کی۔

بقیہ 08

فضل الرحمٰن حلجی، ایس ایچ او خروٹ آباد احسان مروت اور ایس ایچ او کینٹ محمد یوسف بڑیچ نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو حراست میں لے لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کوئٹہ پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور شہر میں خوف وہراس پھیلانے والے عناصر کی روک تھام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 09

دیگر ملزمان کیخلاف منشیات کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ملزمان میں انمول عرف پنکی، محمد عباد اور عزیر الرحمان شامل ہیں۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا۔ عدالت نے ملزمان پر فرد جرم عائد کردی تاہم ملزمان نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے گواہان و تفتیشی افسر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیدیا، عدالت نے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف تھانہ ڈیفنس میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ دریں اثنا کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو ڈرگ ڈیلر ملزمہ انمول عرف پنکی و دیگر کیخلاف منشیات کے ایک اور مقدمے کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا تاہم استغاثہ کے گواہ پیش نہیں ہوئے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر گواہان کو حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی، پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف گارڈن تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 10

ہیڈ کوارٹر ستو راغہ کو اس کی آئینی وقانونی حیثیت کے مطابق بحال کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلع کے تمام سرکاری محکموں میں بااختیار افسران اور ضروری عملے کی تعیناتی، سیٹلمنٹ کی تکمیل اور ٹاؤن، چوبی وانزر خیزئی سڑکوں کی تعمیر ومرمت کے لیے سنجیدہ عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جاری دھرنا کسی فرد، سیاسی جماعت یا ادارے کے خلاف نہیں بلکہ ضلع شیرانی کے عوام کے آئینی حقوق، انتظامی مسائل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک پرامن جدوجہد ہے۔ شرکا نے مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 11

آمدنی پر مبنی ہے، جبکہ امپیریم ٹاور اسکیم لاہور کی کمرشل رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کرے گی۔ ایس ای سی پی کے مطابق پاکستان میں 43 لائسنس یافتہ رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ مینجمنٹ کمپنیاں کام کر رہی ہیں، جن میں سے 7 اسکیمیں اسٹاک ایکسچینج میں لسٹڈ اور 21 شریعہ کمپلائنٹ ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق 30 ستمبر 2026 تک رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ سیکٹر کے اثاثے 275.85 ارب روپے تھے۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا ہے کہ رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں منظم سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت، بہتر گورننس اور سرمایہ کاروں کا تحفظ سیکٹر کی ترقی کے لیے اہم ہیں۔

بقیہ 12

اپنی تجاویز اور آراپیش کی گئی ہیں تاہم حتمی مسودہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے باہمی اتفاق رائے سے مشترکہ فورم کے ذریعے تیار کیا جائے گا۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر دفاع نے کہا کہ اختیارات اوروسائل کو نچلی سطح تک منتقل کرنے کو یقینی بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے۔ انہوں نے عوامی فلاح و بہبود کے فروغ اور عام شہریوں کو حکومتی وسائل اور خدمات سے مستفید کرنے کے لیے اختیارات کی منتقلی کے عمل کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 13

جاری رکھی جائیں گی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 14

انتظامات، عملے کی حاضری اور پیپرز کے شفاف و منظم انعقاد کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے دوران نظم وضبط اور میرٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے امتحانی عمل میں کسی بھی قسم کی نقل، ناجائز ذرائع کے استعمال، بدعنوانی اور غیر ضروری مداخلت کی روک تھام کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ طلباء کی تعلیمی قابلیت اور محنت کو جانچنے کے لیے امتحانات کا شفاف انعقاد انتہائی ضروری ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے امتحانی عملے کو ہدایت کی کہ امتحانی مراکز میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی عائد کی جائے اور طلباء کو پرامن، سازگار اور تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے تاکہ وہ پوری توجہ اور اطمینان کے ساتھ اپنے امتحانات دے سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے، امتحانی نظام میں شفافیت برقرار رکھنے اور نقل کے رجحان کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ امتحانات کی مسلسل نگرانی کا مقصد تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط، میرٹ اور معیاری تعلیمی ماحول کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 15

بااختیار صوبے ہزاروں ارب روپے سالانہ وصول کرنے کے باوجود اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے گریزاں ہیں۔ 16 سال میں وفاق سے 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی سے کشمور تک دھول اڑ رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ اندرون سندھ سینکڑوں ماں کی بیٹیاں اغوا ہو جاتی ہیں اور معصوم بچے ایڈز میں مبتلا ہو رہے ہیں، لیکن کوئی پرسان حال نہیں۔ روزانہ کھلے مین ہولز میں گرنے، ڈمپروں کے نیچے آنے اور موبائل فون چھننے کے واقعات میں قوم کے بچے موت کے منہ میں جا رہے ہیں، لیکن کسی کی غیرت نہیں جاگتی اور نہ کوئی ریلی نکالی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کی جدوجہد آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن اور ہوش مندی سے جاری ہے۔ جو خود کانٹا چبھنے کی تکلیف برداشت نہیں کر سکتے، وہ نئے صوبوں کے قیام پر سندھ کے شہری علاقوں کو خون میں نہلانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد پاکستان کے معاشی حب کراچی کو راکے تسلط سے آزاد کروایا ہے، اب دوبارہ بھائی کو بھائی سے نہیں لڑنے دیں گے۔ ہمارے ہوتے ہوئے لسانی بنیادوں پر شہری سندھ میں خون خرابہ کروانے کے خواہش مندوں کو شدید مایوسی کا سامنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں لسانی تفریق کی بنیاد پر خون خرابے کے ذریعے اصل مسائل سے توجہ ہٹائی جاتی تھی، جبکہ آج تمام زبانیں بولنے والے مشترکہ حقوق کے حصول کے لیے ایم کیوایم پاکستان کے پرچم تلے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں۔ تمام زبانیں بولنے والوں، خصوصا سندھی بھائی بہنوں کی جان، مال، عزت اور آبرو کا تحفظ ہم پر واجب ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی تیار ہے، ظلم کا خاتمہ ہوگا اور مظلوم عوام کے لیے راحت کا دور شروع ہونے والا ہے۔ ان شاءاللہ اگلے سال سے پاکستان کی حقیقی آزادی کے دائمی عہد کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک تاریخی موقع ہے، پاکستان میں نئے صوبے بنا کر عوام کو ظالم، نااہل اور کرپٹ حکمرانوں کے چنگل سے نکالنے والوں کو تاریخ یاد رکھے گی۔

بقیہ 16

گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں۔ وفاقی حکومت نے جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں ایک ہزار 126 ارب 34 کروڑ روپے وصول کرلیے ہیں۔ دوسری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریبا 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی۔

بقیہ 17

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو بھی بھجوائی گئی ہیں۔ ترجمان کے مطابق خط میں بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خدشات پر تفصیلی بات کی گئی ہے جبکہ ان کے تحریر کردہ خط کی نقل بھی منسلک کی گئی ہے۔ اخونزادہ حسین یوسفزئی کا کہنا ہے کہ وہ ایک قیدی کے بنیادی حقوق کی فراہمی کا مطالبہ کر رہے ہیں، جن پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔ خط میں بشری بی بی کی صحت کا معاملہ بھی اٹھایا گیا ہے اور ان کی صحت کو لاحق خطرات کے پیش نظر ضروری اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 18

رہی۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد ریلوے ٹریک کی مرمت، سیکیورٹی صورتحال اور دھماکے کی نوعیت سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 19

تجارت، عوامی روابط، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر ہے، اسی لیے ان شعبوں سے متعلق مختلف معاہدے کیے جائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا پہلا سرکاری 3 روزہ دورہ کریں گے جس کا مقصد دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے اور توانائی وسرمایہ کاری کے معاہدوں کو آگے بڑھانا ہے۔

بقیہ 20

اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز بلوچستان نے صوبے میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی، ہیچریوں کے قیام، مچھلی کے بیج کی پیداوار اور محکمانہ اصلاحات سے متعلق اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ سیمینار کے دوران طلبہ نے پائیدار ماہی گیری، آبی زراعت، سمندری وسائل کے تحفظ اور نوجوانوں وخواتین کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پر پریزنٹیشنز پیش کیں۔ اس موقع پر کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم بخش مہر، فیکلٹی ممبران، انتظامی افسران اور طلبہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ اختتامی کلمات میں ڈین فیکلٹی آف سائنسز اینڈ انجینئرنگ ڈاکٹر محبّ اللہ نے سیمینار کے انعقاد کو سراہتے ہوئے ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی کے لیے تحقیق، معیاری تعلیم اور ادارہ جاتی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ سیمینار کا مقصد گوادر اور بلوچستان میں ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی، ساحلی آبادیوں کے معاشی استحکام اور نوجوانوں وخواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع کے حوالے سے علمی وتحقیقی شعور اجاگر کرنا تھا۔

بقیہ 21

سے گرفتار کرلیا۔ ملزم لورالائی سے ایک لڑکی کے اغوا میں ملوث تھا، جس کے خلاف تھانہ سٹی لورالائی میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 365-B کے تحت مقدمہ درج تھا۔ پولیس نے مغوی لڑکی کو بھی بحفاظت بازیاب کرالیا، جسے قانونی کارروائی کے لیے عدالت کے روبرو پیش کیا گیا۔ دریں اثنا لورالائی پولیس نے ایک اور کارروائی کے دوران ضلع شیرانی کے علاقے لنڈے پل سے اسلحے کے زور پر چھینا گیا شاہ زور ٹرک برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق پانچ نامعلوم مسلح افراد نے ٹرک ڈرائیور سے 87 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون بھی چھین لیا تھا۔ واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ یہ کارروائی ایس ایچ او سٹی محمد شریف، ایڈیشنل ایس ایچ او قاسم خان اور پولیس نفری نے انجام دی۔

بقیہ 22

مشتمل دورکنی بینچ نے کوئٹہ میں پانی کی فراہمی سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران یہ احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران بی واسا کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے بعض علاقوں میں نجی ٹیوب ویلوں سے پانی کی فراہمی کے لیے استعمال ہونے والی بی واسا کی تقریبا 80 فیصد پائپ لائنیں منقطع کی جاچکی ہیں، تاہم باقی علاقوں کے لیے جامع سروے کی ضرورت ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ کی رپورٹ کے مطابق 295 ٹیوب ویلوں میں سے صرف 68 کے پاس این او سی موجود ہے جبکہ 227 ٹیوب ویل بغیر این او سی کام کر رہے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ مذکورہ رپورٹ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ٹیوب ویلوں کی مجموعی تعداد اور ان کی قانونی حیثیت سے متعلق مکمل معلومات فراہم نہیں کرتی، لہٰذا اسے غیر حتمی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کی سربراہی میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں سے متعلق تشکیل دی گئی کمیٹی کی رپورٹ اور 5 نومبر 2026 کے اجلاس کے منٹس کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا اور سیکرٹری پی ایچ ای کو ہدایت کی کہ ایک مؤثر ٹیم تشکیل دے کر کوئٹہ شہر اور گردونواح میں تمام ٹیوب ویلوں کا ازسرنو جامع سروے کیا جائے اور غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ عدالت نے سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں اور ان میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی سے متعلق درخواست بھی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کو بھجواتے ہوئے معاملے کی انکوائری اور آئندہ سماعت پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ دوران سماعت بی واسا کے حکام نے بتایا کہ خرخسہ ڈیم کے اطراف نو ٹیوب ویل فعال ہیں، جن سے ہزارہ ٹاؤن کے مشرقی اور مغربی علاقوں کو متبادل دنوں میں پانی فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ سجاول آباد کے چار ٹیوب ویلوں سے پانی ہزارہ ٹاؤن قبرستان کے تین لاکھ گیلن گنجائش والے ذخیرے سمیت دیگر آبی ذخائر تک پہنچانے کے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق اختر آباد ڈیم کے قریب پانچ ٹیوب ویل بجلی، پائپ لائنوں اور دیگر ضروری تعمیراتی کاموں کی عدم تکمیل کے باعث تاحال فعال نہیں ہو سکے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن کے سات بلاکس کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے، تاہم فراہمی غیر باقاعدہ اور انتہائی محدود ہے۔ عدالت نے بی واسا کے متعلقہ انجینئر کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے لیے پرانی اور خستہ حال پائپ لائنوں کی فوری مرمت اور تبدیلی سمیت ضروری کام بلاتاخیر مکمل کیے جائیں اور اس ضمن میں آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ جمع کرائی جائے۔ عدالت نے سیکرٹری پی ایچ ای کو کوئٹہ شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کے مستقبل کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر مبنی رپورٹ بھی پیش کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے دفتر کو بھجوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 23 دسمبر 2026 تک ملتوی کردی۔

بقیہ 23

جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو سٹی اسپتال لکی سٹی منتقل کر دیا گیا۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثنااللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 24

ہوگئے۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ 25

سی آئی اے نصیر آباد سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی نے ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر بھاگ ریاض احمد ڈومکی اور دیگر پولیس ملازمان کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے سفاکانہ قتل کی واردات میں ملوث ملزم شبیر احمد لاشاری کو ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار کرلیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل ملزم نے اپنی بیوی اور دو کمسن بچوں (بیٹا اور بیٹی) کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 47/2026 بجرم 302،109، 34 ت پ پولیس تھانہ حاجی شہر میں درج کیا گیا تھا۔ مذکورہ افسوسناک واقعے کا صوبائی حکومت بلوچستان نے بھی نوٹس لیا تھا۔ سی آئی اے نصیر آباد و دیگر ٹیم نے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے ذریعے ملزم کو گرفتار کرکے مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس تھانہ حاجی شہر کے حوالے کر دیا ایس ایس پی کچھی نے کامیاب کارروائی پر سی آئی اے نصیر آباد کے افسران وجوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد اور نقد انعام دینے کا اعلان کیا۔

بقیہ 26

ادویات تقسیم کرنے کے ساتھ جانوروں کی بہتر نگہداشت اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام کا مقصد دور دراز علاقوں کے مالداروں کو ان کی دہلیز پر مفت طبی سہولیات فراہم کرنا، مویشیوں کی صحت کا تحفظ اور مالدار طبقے کے معاشی وسائل کو مستحکم بنانا ہے اور دیہی علاقوں میں مال مویشیوں کی صحت اور مالداروں کی سہولت کے لیے موبائل ویٹرنری کیمپوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 27

کانفرنس ہے، باقی وکلا جیل ملاقات کے لیے جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی کا ایکس اکاؤنٹ پارٹی کا نہیں ہے، سلمان اکرم راجہ پہلے ہی عدالت کو بتا چکے ہیں، آئندہ سماعت پر عدالت کو دوبارہ بتا دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بانی اور بشری بی بی کی ملاقاتیں ہونی چاہییں، لیکن یہ الگ معاملہ ہے۔ بانی کی فیملی، بہنوں اور وکلا سے بھی ملاقاتیں ہونی چاہئیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ القادر کیس میں 25 نومبر کو عدالت میں پیش ہوں گے، ہمیں انصاف ملنا چاہیے اور انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے۔

بقیہ 28

اس مقصد کے لیے تمام انٹرویو پینلز فعال ہیں اور انٹرویوز کا عمل باقاعدہ طور پر جاری ہے۔ انٹرویوز کا عمل بلاتعطل اور منظم انداز میں جاری ہیاس موقع پر امیدواروں کی تعلیمی اسناد اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال بھی کی جا رہی ہے، جبکہ سیکیورٹی اور انتظامی امور کے حوالے سے بھی خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر حب خود انٹرویوز کے عمل کی نگرانی اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ بھرتیوں کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور انتظامی نظم وضبط کو یقینی بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ حب کے مطابق وفاقی محکموں میں بھرتیوں کا مقصد اہل اور مستحق امیدواروں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور امیدواروں کو یکساں مواقع اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ حب ریجن میں امیدواروں کے انٹرویوز کا شیڈول درج ذیل ہے۔

بقیہ 29

وقانون کی حکمرانی اور دینی وقومی شناخت کے تحفظ سے ہوکر گزرتا ہے؛ طاقت کے بجائے دلیل، تصادم کے بجائے مکالمہ اور محرومی کے بجائے عوامی حقوق کی ضمانت ہی پائیدار امن و ترقی کی بنیاد ہے۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی زندگیوں کو تباہ و برباد کرنے میں حکومت نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، حکومتی ناقص پالیسیوں، غیر سنجیدہ طرز حکمرانی اور عوامی مسائل سے مسلسل چشم پوشی نے صوبے کو سنگین بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے، حکومت اپنی آئینی وقانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کی بجائے نمائش پر اربوں روپے خرچ کر رہی ہے۔

بقیہ 30

پیر کی علی الصبح حیما اور ثمریت کو ملانے والی شاہراہ پر پیش آیا۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ گلف نیوز اور ٹائمز آف عمان کے مطابق رائل عمان پولیس نے بتایا کہ حادثہ سلطان سعید بن تیمور روڈ پر تقریبا صبح ایک بج کر 30 منٹ پر پیش آیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق پہلے دو ٹرک آپس میں ٹکرائے، جس کے بعد 26 افراد کو لے جانے والی مسافر بس ان میں سے ایک ٹرک سے جا ٹکرائی۔ پولیس کے مطابق اس تصادم کے نتیجے میں چار افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 17 دیگر افراد کو مختلف نوعیت کی چوٹیں آئیں۔ حکام نے ابتدائی اطلاعات میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت یا قومیت ظاہر نہیں کی۔ یہ بھی واضح نہیں کیا گیا کہ بس کے مسافروں میں کن ممالک کے شہری شامل تھے۔ ابتدائی رپورٹ میں ٹرکوں کے پہلے آپس میں ٹکرانے اور بعد میں بس کے ایک ٹرک سے ٹکرانے کی ترتیب بتائی گئی ہے، تاہم حادثے کی حتمی وجہ کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ رائل عمان پولیس نے سول ڈیفنس اینڈ ایمبولینس اتھارٹی کے تعاون سے جائے حادثہ پر امدادی کارروائیاں انجام دیں۔ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے حیما، نزوی اور آدم کے اسپتالوں میں منتقل کیا گیا، جہاں انہیں ان کی حالت کے مطابق علاج فراہم کیا جا رہا ہے۔ پولیس کی جانب سے جاری معلومات میں زخمیوں کی حالت مختلف درجوں کی بتائی گئی ہے، لیکن کسی مخصوص زخمی کی حالت یا ہلاکتوں میں اضافے کے بارے میں مزید تصدیق شدہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ حادثے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کی قومیتوں اور شناخت کے بارے میں فی الحال سرکاری سطح پر تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔ اس لیے یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ متاثرین میں پاکستانی شہری بھی شامل ہیں یا نہیں۔ عمانی حکام کی جانب سے مزید معلومات سامنے آنے پر حادثے کے اسباب اور متاثرین کی شناخت سے متعلق صورتحال واضح ہو سکے گی۔

بقیہ 31

منظور ہوگئی۔ سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ نے ماجد ماکو کو 50 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ الیکشن نتائج میں ردوبدل کیس میں ماجد ماکو کو 2 سال قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی۔ سزا کے خلاف ماجد ماکو نے ضمانت اور رہائی کے لیے سندھ ہائی کورٹ سکھر بینچ سے رجوع کیا تھا، الیکشن نتائج میں ردوبدل کیس کی آئندہ سماعت 8 دسمبر کو مقرر کرکے فریقین کو طلب کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 32

اور سخت انکار کرنے والے بچوں کے والدین کو قائل کرکے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ پولیو کے مکمل خاتمے اور ہر بچے تک ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ 33

ہم ملک بھر میں قیمتیں کم نہ ہو سکیں۔ رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ کے ساتھ ساتھ اب پورٹ قاسم پر بھی درآمدی گندم کے بحری جہازوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، تاہم بھاری مقدار میں گندم کی درآمد کے باوجود ملک بھر میں آٹے اور گندم کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی۔ رومانیہ سے درآمدی گندم لے کر آنے والا بلک کیریئر جہاز "ایم وی الیکس" پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا ہے۔ یہ جہاز پنجاب کے لیے 54 ہزار 983 ٹن گندم لے کر پہنچا، ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) اب تک مجموعی طور پر 5 بحری جہازوں کے ذریعے رومانیہ سے 2 لاکھ 73 ہزار 603 ٹن گندم درآمد کر چکی ہے۔ جن میں سے 3 جہاز پنجاب جبکہ ایک، ایک جہاز خیبر پختونخوا اور سندھ کے لیے گندم لے کر پاکستان پہنچے ہیں۔ 2 لاکھ 73 ہزار ٹن سے زائد گندم ملک میں پہنچنے کے باوجود مقامی مارکیٹ میں قیمتیں قابو میں نہیں آسکیں۔

بقیہ 34

سراپا احتجاج بن گئے اور احتجاجی کیمپ قائم کرکے اپنی مسافر کوچز کھڑی کر دیں۔ ٹرانسپورٹرز نے انتظامیہ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شاہراہ پر مسافر کوچز کو بلاجواز بار بار روکنے، مسافروں کو پریشان کرنے اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ مبینہ توہین آمیز رویہ اختیار کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاجی تحریک کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے سخت لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔

بقیہ 35

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پاگیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پاگیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعدادکار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل وگیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریبا 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل وگیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرین ارضیات اور انجینئرز اپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینئرنگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کی توانائی تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، بھائی چارے کے مضبوط رشتے میں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ 36

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سیکورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مؤقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہوکر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سیکورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں مؤثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کرکے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دورہ برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 37

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لوبی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کرکے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 38

تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا چائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے سوالات کا جواب دینے سے پہلے وہ دنیا کو بلوچستان کے عوام اور ان کی ثقافت کے بارے میں ایک خوبصورت کہانی بتانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بیرک کمپنی چند سال قبل ریکوڈک منصوبے سے الگ ہوئی تو ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک اس کا کیمپ خالی پڑا رہا اور وہاں کوئی سیکورٹی گارڈ بھی تعینات نہیں تھا، لیکن جب کمپنی دس سال بعد واپس آئی تو کیمپ سے ایک ٹی شرٹ تک چوری نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی چائے کا ایک کپ غائب تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہی بلوچستان ہے اور یہی یہاں کے عوام کی روایات، ثقافت اور مہمان نوازی کا حقیقی عکس ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب سرمایہ کاری اور سیکورٹی کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے عوام اہمیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ملکی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صوبے میں آئیں اور یہاں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مقامی آبادی کو ساتھ ملا کر، ان کے دل اور ذہن جیت کر سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری طرح پرعزم ہیں جبکہ سیکورٹی اداروں کے پاس مطلوبہ صلاحیت اور استعداد موجود ہے۔ معدنی راہداری کے تحفظ کے لیے ایک علیحدہ سیکورٹی ڈویژن قائم کیا گیا ہے جبکہ فرنٹیئر کور کا نیا ونگ بھی تشکیل دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر بالخصوص معدنی راہداری میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے نزدیک بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اصل چیلنج سیکورٹی سے زیادہ صوبے کے بارے میں پائے جانے والے منفی تاثر اور زمینی حقائق کے درمیان فرق ہے، کیونکہ منفی تاثر ہمیشہ حقیقت کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے۔ بلوچستان ایک مختلف خطہ ہے، یہاں کے عوام سرمایہ کاروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کار صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت ان کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کی زیرزمین معدنی دولت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ریکوڈک منصوبہ اس حوالے سے ایک نمایاں مثال ہے جو 2029 تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے سرونہ سے بھی آئندہ چند ماہ میں تیل اور گیس کے ذخائر کے حوالے سے اچھی خبریں متوقع ہیں۔ وہاں موجود ذخائر کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق ان کی مقدار سوئی کے تاریخی گیس ذخائر سے بھی زیادہ ہے، جنہوں نے سات دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں فرٹیلائزر سٹی کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، کیونکہ علاقے میں کم بی ٹی یو گیس موجود ہے جسے صنعتی اور زرعی شعبے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو اس منصوبے سمیت دیگر

بقیہ 39

دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے خطاب اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں، مشترکہ تاریخی روابط اور علاقائی خوشحالی کے مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن دوستی کو مضبوط معاشی شراکت داری میں بدلنے کا اہم فورم ہے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، توانائی، ٹرانسپورٹ اور عوامی روابط میں تعاون بڑھانے کے مواقع موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد اور اب تک ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا، مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کیلئے عملی اقدامات پر اتفاق کیا جائے گا، متعلقہ وزارتیں اور ادارے طے شدہ امور پر پیش رفت کے لئے مؤثر اقدامات کریں۔ ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف نے کہا کہ شاندار میزبانی پر پاکستانی قیادت اور عوام کے تہہ دل سے مشکور ہیں، چھٹے بین الحکومتی اجلاس کے موقع پر پاکستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، پاکستان اور ترکمانستان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ پاکستان کے ساتھ اپنے دوطرفہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح کے روابط کے مزید فروغ کیلئے پرعزم ہیں۔ اجلاس کا مقصد باہمی تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے، دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کیلئے مسلسل رابطے ناگزیر ہیں، علاقائی و دوطرفہ امور کے متوازن اور پائیدار حل کے خواہاں ہیں۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور زیر التوا مسائل کے حل پر زور دیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے قبل ہوئی۔ وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ زیر التوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے قیام کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں۔ ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید اوورگلدیویچ میریدوف نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور مسلسل سفارتی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 40

تاریخ اور فکری حوالوں سے بھی یہی حقیقت ثابت ہوتی ہے کہ برصغیر میں الگ تشخص کا شعور کوئی نئی بات نہیں؛ انیسویں صدی میں سرسید احمد خان نے دو جداگانہ قوموں کے معاشرتی وتاریخی فرق کی واضح نشان دہی کی، جبکہ بانی؟ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح؟ نے برصغیر کے مسلمانوں کو مذہب، فلسفے، اقدار اور تاریخ کے لحاظ سے ایک مکمل اور مستقل قوم قرار دیا۔ معروف عالمی مؤرخ اسٹینلے وولپرٹ (WolpertStanley) کا تجزیہ بھی اسی امر کی تائید کرتا ہے کہ قائداعظم کی بصیرت افروز قیادت نے برصغیر کی سیاست اور عالمی نقشے کو نئی سمت دے کر یہ ثابت کر دیا کہ یہ خطہ محض ایک یک رنگی اکائی نہیں تھا۔ دوسری جانب، خود خطے کے تجزیہ کاروں اور جنوبی ایشیائی مبصرین بشمول ادایان داس (Das Udayan) کا بھی ماننا ہے کہ "اکھنڈ بھارت" جیسے تصورات نہ صرف ہمسایہ ریاستوں کی خودمختاری کے لیے سنگین خدشات پیدا کرتے ہیں بلکہ بھارت کے اندرونی سیاسی بیانیے کو ہوا دینے کا محض ایک آلہ کار ہیں۔

بقیہ 41

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سیکورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مؤقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہوکر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سیکورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریبا دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں مؤثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کرکے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دورہ برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 42

کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف مؤثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔ چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔ انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصا شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جاسکے۔ سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہیے۔

بقیہ 43

بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گذارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں، افسوس کے ساتھ ہمارے سیاستدانوں نے عوام کے اصل مسائل پر بات کرنا چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود کے لیے کام کرتی رہتی ہے، چھوڑے زمینداروں کی مدد کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جا رہے ہیں، میں نے 2 دفعہ شہباز شریف کو وزیراعظم بنوایا، انہیں ابھی تک معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع ہی نہیں دیا گیا، جانتا ہوں کہ وہ فخر کرتے ہیں کہ انہوں نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، جب بھی وہ کوشش کرتے ہیں تو کوئی وزیر اٹھ کر اپنا ایجنڈا سنا دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی جنگ کی وجہ سے عوام کو مہنگائی کا سامنا ہے، میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ مشکل وقت نہیں دیکھا، ہمارے سامنے اب تک خطے میں امن کا کوئی معاہدہ نظر نہیں ا?یا، اس جنگ کے خاتمے تک عوام کو مشکلات کا سامنا رہیگا، ایسے حالات میں عوام کو ریلیف دلانے کیلیے کیا کیا جاسکتا ہے، پوری دنیا میں عوام کو ریلیف دینے کیلیے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوگئی ہے، پیپلز پارٹی کا ا?ج بھی فوکس عوام کو ریلیف دینے پر ہے، بینظیر ہاری کارڈ کاشت کاروں اور چھوٹے زمینداروں کو ریلیف دینے کیلیے بنایا گیا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ چھوٹے کاشت کاروں کی مدد کی ہے، چھوٹے کاشت کار زرعی شعبے کا نوے فیصد حصہ رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کاشت کاروں کی بینظیر ہاری کارڈ سے مدد کی جا رہی ہے، جو حالات ہیں مشکلات مزید بڑھیں گی، کھاد کا ملنا مشکل ہو جائیگا، کاشت کاروں کو 4 ہزار روپے فی ایکڑ مالی امداد دی جا رہی ہے، پیپلز پارٹی زرعی شعبے کی مشکل وقت میں امداد کیلیے کوشاں ہے، تھرپارکر اور عمرکوٹ کو ا?فت زدہ قرار دینے کا بھی خیرمقدم کرتا ہوں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلیے متاثرہ خاندانوں کو 8 ہزار دینے کا بھی خیرمقدم کرتا ہوں، پیپلز پارٹی کا یہی طریقہ ہے کہ معاشی بحران میں عوام کی مدد کی جائے۔

بقیہ 44

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لوبی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے

جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی کوششیں بدستور جاری ہیں، ایران کا اعلان

پاکستان اور قطر خطے کی صورت حال پر تشویش کے باعث جنگ ختم کرانے اور فریقین کے درمیان رابطوں کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں

تہران کے بقول امریکا مذاکرات کے معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہا ہے امریکا دوسرے فریق کے حقوق کو تسلیم کرنے میں ناکام رہا ہے، ایرانی وزارت خارجہ

تہران (اے این این) ایران نے کہا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان اور قطر کی ثالثی کوششیں بدستور جاری ہیں تاہم تہران کے بقول امریکا مذاکرات کے معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ پاکستان اور قطر خطے کی صورت حال پر تشویش کے باعث جنگ ختم کرانے اور فریقین کے درمیان رابطوں کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے امریکا پر الزام عائد کیا کہ وہ دوسرے فریق کے حقوق کو تسلیم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سفارت کاری اسی وقت مؤثر ہو سکتی ہے جب مذاکرات میں دونوں جانب کے مؤقف کو منصفانہ انداز میں سنا اور سمجھا جائے۔ اسماعیل بقائی نے بالخصوص پاکستان کی ثالثی ——(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی کی ایم کیو ایم کے وفد سے ملاقات، ریلی ملتوی کرنے کی درخواست

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد کی سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد سے ملاقات، جس میں کراچی میں مجوزہ ریلی کو ملتوی کرانے کے معاملے پر بات چیت کی گئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا وفد سندھ کے صدر نثار کھوڑو کی قیادت میں سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر پہنچا، جہاں ایم کیو ایم ——(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7پر)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر، سانس لینا محال ہوگیا

شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 513 ریکارڈ کیا گیا

لاہور (اے این این) فضائی آلودگی اور اسموگ میں اضافے کے باعث لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا ہے، شہریوں کو سانس لینے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 272 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ بعض علاقوں میں یہ خطرناک حد تک بڑھ کر 538 تک پہنچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق بارش نہ ہونے کے باعث شہر ——(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان اسمبلی نے غیر رسمی تعلیم اور فشریز اینڈ ایکوا کلچر کے مسودہ قوانین منظور کر لیے

محکمہ صحت و بہبود آبادی کے سوالات مخر، اجلاس 8 دسمبر سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم اور بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر کے مسودہ قوانین منظور کر لیے، جبکہ محکمہ صحت اور محکمہ بہبود آبادی سے متعلق سوالات محرکین کی عدم موجودگی کے باعث موخر کر دیے گئے۔ اسمبلی کا اجلاس 8 دسمبر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔ اجلاس کے دوران پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی نے ——(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7پر)

مستونگ روڈ پر مبینہ ڈرون حملہ، ایک شخص شدید جبکہ دو بچے معمولی زخمی

شدید زخمی آغا خالد شاہ کو تشویشناک حالت میں شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، تحقیقات جاری

مستونگ (یو این اے) مستونگ روڈ کے علاقے تھانہ ولی خان کی حدود میں مورخہ 21/11/026 صبح تقریبا 4 بجے مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی جبکہ اس کے ہمراہ موجود دو بچے معمولی زخمی ہو گئے۔ ایس پی مستونگ کی جانب سے جاری ابتدائی رپورٹ کے مطابق آغا خالد شاہ ولدہ/ذات سید، سکنہ مستونگ روڈ، سوئی سدرن ——(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7پر)

پاکستان کا مزید 8 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ، تیسرا عالمی ٹینڈر جاری

ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی

گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت نے ملک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 8 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے تیسرا بین الاقوامی ٹینڈر جاری کر دیا، جس کے تحت عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کر لی گئی ہیں۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کی جانب سے جاری ٹینڈر دستاویزات کے مطابق گندم درآمد کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 نومبر مقرر کی گئی ہے، جبکہ اسی روز دوپہر ڈھائی بجے تکنیکی بولیاں کھولی جائیں گی۔ عالمی سپلائرز کے لیے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن گندم کی بولی دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی۔ جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم ——(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7پر)

نوکنڈی، کارروائیوں کے دوران 62 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

نوکنڈی (یو این اے) مختلف راستوں پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 62 افغان باشندے حراست میں لے لیے گئے نوکنڈی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف راستوں پر کی جانے والی کارروائیوں کے دوران 62 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس موقع پر ——(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7پر)

MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS
اسلام آباد نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور پرتگال کے وزیر مملکت و امور خارجہ پاؤلو رینجل معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

سبی پولیس کی کارروائی غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن اور چرس برآمد کر کے ایک ملزم گرفتار

ملزم کے قبضے سے ایس ایم جی رائفل، جی تھری کے تین سو کارتوس اور آٹھ کلو پندرہ گرام چرس برآمد ہوئی ہے، پولیس حکام

کوئٹہ (یو این اے) سیوی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایک گھر سے غیر قانونی اسلحہ ایمونیشن اور منشیات برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس سیوی رینج پرویز عمرانی اور ایس ایس پی سیوی عبدالحمید کی خصوصی ہدایات پر پولیس تھانہ سٹی سیوی نے ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او کی زیر نگرانی میں گزشتہ شب خفیہ اطلاع ملنے پر ایک گھر پر چھاپہ مارا۔ کارروائی کے دوران پولیس نے ملزم لیاقت علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک عدد ایس ایم جی رائفل، جی تھری رائفل کے 300 کارتوس اور 8 کلو 15 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے برآمد شدہ اسلحہ، ایمونیشن اور منشیات قبضے میں لے لیں جبکہ ملزم کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ علاقے میں غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں ——(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، سرعام ہوائی فائرنگ کرنیوالے ملزمان گرفتار

ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر فوری کارروائی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر میں ون ویلنگ، اسلحہ و خنجر کی نمائش اور موٹر سائیکلوں پر گروپ بنا کر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف کوئٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زیر نظر ویڈیو میں نظر آنے والے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر ایس ایچ او پشتون آباد ——(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7پر)

اختیارات اور وسائل کی نچلی سطح تک منتقلی ضروری ہے، خواجہ آصف

مختلف حلقوں کی جانب سے نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے اپنی تجاویز اور آرا پیش کی گئی ہیں

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق مذاکرات، مباحثوں، مشاورت اور اجلاسوں کے نتیجے میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے اتفاقِ رائے سے جلد پیش رفت ہوگی۔ اتوار کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف حلقوں کی جانب سے نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ——(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7پر)

منشیات کیس میں انمول پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد

ملزمان کے صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کر دیئے

کراچی (اے این این) صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نے منشیات کے مقدمے میں انمول عرف پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کر دی۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کر دیئے۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو انمول عرف پنکی و ——(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7پر)

پاکستان میں 2 نئی رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں رجسٹرڈ، تعداد 31 ہوگئی

رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں منظم سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتی ہیں، چیئرمین ایس ای سی پی

کراچی (اے این این) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے 2 نئی رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ اسکیمیں رجسٹرڈ کر لیں، جس کے بعد ریٹس کی تعداد بڑھ کر 31 ہوگئی ہے۔ نئی اسکیموں میں اے ٹی ایم ٹی ڈیول سیریز ون اور امپیریم ٹاور شامل ہیں۔ اے ٹی ایم ٹی ڈیول اسکیم اسلام آباد میں پراپرٹی ڈیولپمنٹ اور کرایے کی ——(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7پر)

ضلعی ہیڈکوارٹر ستنو راغہ کی بحالی کے لیے شیرانی میں دھرنا 274 ویں روز بھی جاری رہا

اسٹام معاہدہ منسوخ کر کے زمین مالکان کے حوالے کی جائے یا ہیڈکوارٹر بحال کیا جائے، سردار غلام سرور شیرانی

شیرانی (یو این اے) ضلعی ہیڈکوارٹر شیرانی ستنو راغہ کی آئینی و قانونی حیثیت کی بحالی، سرکاری دفاتر کی فعالیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری پرامن دھرنا 274 ویں روز بھی جاری رہا۔ اس موقع پر آل شیرانی حریفال اتحاد کے سربراہ و ممبر کور کمیٹی سردار غلام سرور شیرانی نے دھرنے میں شرکت کی۔ ان کے ہمراہ قبائلی عمائدین حاجی پیین گل شیرانی، حاجی فیاض شیرانی، حاجی نواب خان عبدالرحمٰن جنت گل عبدالولی شیرانی، محمد اللہ شیرانی، یاسین خان شیرانی مولوی زکریا دین خان نعمت خان بلال خان سمیت دیگر افراد بھی موجود تھے۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سردار غلام سرور شیرانی نے کہا کہ حکومت اور قوم کے درمیان ستنو راغہ کی زمین سے متعلق طے شدہ اسٹام معاہدہ منسوخ کر کے زمین اصل مالکان کے حوالے کی جائے، بصورت دیگر ضلعی ——(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حاجی عبدالمجید بادینی سے ان کے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

اگلے سال سے پاکستان کی حقیقی آزادی کے دائمی عہد کا آغاز ہوگا، مصطفیٰ کمال

نئے صوبوں کے حق میں کراچی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع کرے گا‘ 1973 کا آئین کوئی آسمانی صحیفہ نہیں

نئے صوبوں کی تحریک عام انتخابات یا نشستوں کے حصول کا معاملہ نہیں پاکستان کی بقا اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی سنجیدہ جدوجہد ہے‘ رہنما ایم کیو ایم

کراچی (اے این این) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے حق میں کراچی اپنی تاریخ کے سب سے بڑے اجتماع میں اپنا فیصلہ سنائے گا۔ نئے صوبوں کی تحریک عام انتخابات یا نشستوں کے حصول کا معاملہ نہیں بلکہ پاکستان کی بقا اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی سنجیدہ جدوجہد ہے۔ ڈسٹرکٹ کورنگی کے ذمہ داران اور کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 1973 کا آئین کوئی آسمانی صحیفہ نہیں۔ آئین پاکستان کی خود ساختہ چیمپئن پیپلز پارٹی اپنے بانی ذوالفقار علی بھٹو کے آئین میں 27 ترامیم کروا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاق بجٹ کے پہلے دن ہی مالی طور پر لاچار ہو جاتا ہے، جبکہ چاروں طاقتور اور ——(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7پر)

وزیر اعظم کا دورہ ماسکو، 15 سے 16 معاہدوں پر دستخط ہوں گے، فیصل نیاز

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ ماسکو کے دوران پاکستان اور روس کے درمیان 15 سے 16 معاہدوں پر دستخط کیے جائیں گے۔ روس میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے روسی میڈیا سے گفتگو میں شہباز شریف کے دورہ روس کو انتہائی تاریخی قرار دیا۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ وزیر اعظم کی توجہ دوطرفہ سیاسی تعلقات کے ساتھ ——(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 7پر)

اسلام آباد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب کے شرکاء سے جمہوریہ ترکیہ کی کورٹ آف کسیشن کے صدر عمر کیرکیز خطاب کر رہے ہیں

گوادر کے دور دراز علاقوں میں مفت ویٹرنری موبائل کیمپ، سینکڑوں مویشیوں کی ویکسینیشن اور علاج

مالدار طبقے کو دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے موبائل ویٹرنری کیمپوں کا سلسلہ جاری رہے گا، محکمہ لائیو اسٹاک

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر گوادر ڈاکٹر صابر علی کی نگرانی میں امور حیوانات گوادر کے ٹیم نے ڈاکٹر برکت سربراہی میں گوادر کے علاقے تلاقی اور گردونواح میں مفت ویٹرنری موبائل کیمپ کا انعقاد کیا، جہاں سینکڑوں مویشیوں کا طبی معائنہ، علاج اور وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ویکسینیشن کی گئی۔ اس موقع پر مالداروں میں مفت ——(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 7پر)

بیوی اور دو کمسن بچوں کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والا ملزم ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار کر لیا گیا

صوبائی حکومت کے نوٹس پر بھاگ پولیس اور سی آئی اے نصیر آباد کی مشترکہ کارروائی، ایس ایس پی کچھی کا نقد انعام کا اعلان

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) صوبائی حکومت بلوچستان کے نوٹس پر ڈی ایس پی ایس ڈی پی او بھاگ کی سی آئی اے نصیر آباد کے ہمراہ اہم مشترکہ کامیاب کارروائی، بیوی اور دو کمسن بچوں (بیٹا اور بیٹی) کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والا ملزم ڈیرہ مراد جمالی سے گرفتار پولیس کے مطابق ایس ڈی پی او بھاگ طالب حسین لاشاری کی نگرانی میں انچارج ——(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

نوکنڈی (یو این اے) نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کی زد میں آ کر ملک وسیم ولد ملک رشید شیرزئی اور عبدالقدیر جمالدینی جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی شروع کر دی ہے۔ نوکنڈی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کی زد میں آ کر ملک وسیم ولد ملک رشید شیرزئی اور عبدالقدیر جمالدینی جاں بحق ——(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

اوستہ محمد، امتحانات میں میرٹ اور نظم و ضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع قرار

مڈل کے سالانہ امتحانات کی نگرانی، نقل کی روک تھام اور شفاف امتحانی عمل یقینی بنانے کی ہدایت

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، محمد رمضان پلال کے خصوصی احکامات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مڈل کے سالانہ امتحانات کے سلسلے میں جاری پیپرز کا تفصیلی جائزہ لیا اور امتحانی عمل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی ہالز میں طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات، امتحانی ——(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خدشات، اپوزیشن رہنماؤں کا حکام کو مشترکہ خط

بشریٰ بی بی کی صحت کو لاحق خطرات کے حوالے سے بھی بندوبست کیا جائے، ترجمان

اسلام آباد (اے این این) بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خدشات پر اپوزیشن رہنماں نے حکام کو مشترکہ خط لکھ دیا۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان اخوندزادہ حسین یوسفزئی کے مطابق خط چیف جسٹس ہائیکورٹ، اسپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کو ارسال کیا گیا ہے۔ خط کی نقول سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل، چیئرمین سی ڈی اے اور ——(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

جامعہ گوادر میں عالمی یوم ماہی گیری کے موقع پر سیمینار

بلوچستان کے ساحلی وسائل سے استفادہ اور آبی زراعت کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، مقررین

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ زولوجی کے زیرِ اہتمام عالمی یومِ ماہی گیری 2026 کے موقع پر مرکزی سیمینار ہال میں ’’تبدیلی کے لیے عوام کو بااختیار بنانا ماہی گیری اور آبی زراعت میں نوجوانوں اور خواتین کے لیے باعزت روزگار کے مواقع کا فروغ‘‘ کے موضوع پر سیمینار منعقد کیا گیا۔ شعبہ زولوجی کی چیئرپرسن میڈم عتیقہ بلوچ نے مہمانوں اور شرکاء کا خیرمقدم کرتے ہوئے سمندری وسائل کے تحفظ اور پائیدار استعمال کے لیے تعلیمی شعور اور اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمان مقرر عبدالرحیم، پی ایچ ڈی اسکالر، میرین بائیولوجسٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرنمنٹ، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے پاکستان میں ماہی گیری کی صورتحال، بلوچستان کے ساحلی وسائل کی استعداد اور اس شعبے کو درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے آبی زراعت کے فروغ اور ماہی گیری کے مؤثر انتظام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔ دوسرے مہمان مقرر شاہ فہد، ——(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

کراچی: وفاقی وزیر جام کمال خان اور یوگنڈا کی وزیر مملکت برائے زراعت فوڈ اگیک پاکستان 2026 کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر رہے ہیں

9 ماہ میں عوام سے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد وصول

دوسری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریبا 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی

شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں۔ وفاقی حکومت نے جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں ایک ہزار 126 ارب 34 کروڑ روپے وصول کر لیے ہیں۔ دوسری جانب اسی مدت میں پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریبا 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی۔ حکومت نے 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب ——(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7پر)

ڈیرہ مراد جمالی، ریلوے ٹریک پر دھماکے سے پٹڑی کو جزوی نقصان پہنچا

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کے گزرنے سے کچھ دیر قبل ڈیرہ مراد جمالی تھانہ صدر کی حدود میں ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں پٹڑی کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ اس وقت ہوا جب کچھ ہی دیر بعد جعفر ایکسپریس نے مذکورہ ٹریک سے گزرنا تھا، تاہم خوش قسمتی سے ٹرین محفوظ ——(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لکی مروت میں پولیس وین پر دھماکا، دو اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی

پشاور (اے این این) لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو سٹی اسپتال لکی سٹی منتقل کر دیا گیا۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثنا اللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حملے میں کوئی ——(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

لورالائی پولیس نے دو الگ الگ کارروائیوں میں مغوی لڑکی کو بازیاب کرا لیا

شاہ زور ٹرک چھیننے کے واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں، پولیس

لورالائی (یو این اے) لورالائی پولیس کی دو الگ الگ کارروائیوں میں مغوی لڑکی کو بازیاب کر کے ملزم کو اور لورالائی سے چھینا گیا ٹرک برامد کر لیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی لورالائی کے ایس ایچ او محمد شریف نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اغوا کے مقدمے میں مطلوب مفرور ملزم محمد ایاز ولد فرید گل، قوم زرگر، سکنہ پشاور کو راولپنڈی ——(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی

سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ شہر اور گردونواح میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کی نشاندہی، سرکاری ٹیوب ویلوں پر مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جامع اقدامات کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر ——(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سخت انکاری بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے ایکسٹینڈڈ کمپین کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا قیام آئینی ترمیم کے بغیر ممکن نہیں، بیرسٹر گوہر

انتخابی اصلاحات کیلئے برابری کی نمائندگی دی جائے، عمران خان کی صحت پر سیاست نہ کی جائے، بانی اور بشریٰ بی بی کی ملاقاتیں ہونی چاہییں، چیئرمین پی ٹی آئی

فیملی سے ملاقات اور ذاتی معالج سے متعلق بھی حکم ہے، اگر یہ پراسس فالو کیا جاتا ہے تو ہی ہماری تسلی ہوگی، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ انتخابی اصلاحات کے معاملے میں برابری کی نمائندگی دی جائے۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق ہمارے بڑے تحفظات ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ بانی کی صحت پر سیاست نہ کی جائے۔ سپریم کورٹ کا آرڈر بھی ہے کہ علاج معالجہ ہو، شفا اسپتال میں ہو اور میڈیکل بورڈ بنے۔ انہوں نے کہا کہ فیملی سے ملاقات اور ذاتی معالج سے متعلق بھی حکم ہے، اگر یہ پراسس فالو کیا جاتا ہے تو ہی ہماری تسلی ہوگی۔ ایک سابق وزیر اعظم، ایک بڑے لیڈر اور ایک قیدی کی حیثیت سے بھی یہ اس کا حق ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کل لاہور میں آل پارٹیز ——(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر کوسٹ گارڈز کی بار بار چیکنگ کے خلاف ٹرانسپورٹرز سراپا احتجاج

مسافروں کو پریشان کرنے اور مبینہ ناروا سلوک کا سلسلہ بند نہ ہوا تو احتجاج مزید سخت کیا جائے گا، ٹرانسپورٹرز کا اعلان

حب (یو این اے) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کوسٹ گارڈز کی متعدد چیک پوسٹوں پر بار بار چیکنگ اور مبینہ ناروا سلوک کے خلاف بس ٹرانسپورٹ مالکان ——(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7پر)

رومانیہ سے گندم لیکر آنے والا بلک کیریئر جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا

کراچی (اے این این) رومانیہ سے گندم لیکر آنے والا بلک کیریئر جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوگیا تا ——(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7پر)

حب ریجن میں وفاقی محکموں کی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز دوسرے روز بھی جاری

ضلع حب اور وڈھ کے امیدواروں کی دستاویزات کی جانچ پڑتال، میرٹ اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت کے مطابق حب ریجن میں وفاقی محکموں کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل دوسرے روز بھی جاری ہے۔ انٹرویوز ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر نگرانی لیے جا رہے ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امیدواروں اور انٹرویو پینلز کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ شیڈول کے مطابق آج ضلع حب اور وڈھ سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے انٹرویوز لیے جا رہے ہیں، ——(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ میں پولیو سے انکاری بچوں کو قطرے پلانے کے لیے ایکسٹینڈڈ کمپین چلانے کا فیصلہ

کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے، تمام ادارے اپنا کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت سخت انکار (RefusalHard) کرنے والے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے ایکسٹینڈڈ کمپین کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت اور پولیو پروگرام کے افسران نے شرکت کی اور مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایکسٹینڈڈ کمپین کے دوران اسسٹنٹ کمشنرز اور مجسٹریٹس فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے ——(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7پر)

عوام کی زندگیوں کو تباہ و برباد کرنے میں حکومت نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، مولانا واسع

قومی سوالات اور آئینی مطالبات کا جواب طاقت سے دینا جمہوری طرزِ عمل سے فرار ہے، صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام

حکومت آئینی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے نمائش پر اربوں روپے خرچ کر رہی ہے، تحفظ دینی مدارس کانفرنس سے خطاب

کنگری / ضلع موسیٰ خیل (یو این اے) تحفظ دینی مدارس کانفرنس سے جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ، حافظ محمد یوسف، مولانا کمال الدین، مولانا غلام سرور موسیٰ خیل، میر یونس عزیز زہری، اصغر خان ترین اور دیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے قومی سوالات اور آئینی و جمہوری مطالبات کا جواب طاقت، دھونس اور شرانگیزی سے دینا دراصل مکالمے اور جمہوری طرزِ عمل سے فرار ہے۔ آئین کی بالادستی، دینی مدارس کا تحفظ اور بلوچستان کے قومی وسائل و معدنیات پر عوام کے جائز حقوق کا احترام ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی حقیقی ترقی و خوشحالی کا راستہ یہاں کے عوام کو اعتماد میں لینے، وسائل کی منصفانہ تقسیم، آئین ——(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7پر)

عمان میں مسافر بس اور دو ٹرکوں میں خوفناک تصادم، 4 افراد جاں بحق، 17 زخمی

حیما سے ثمریت جانے والی شاہراہ پر حادثہ رات ڈیڑھ بجے پیش آیا، 26 مسافروں کی بس ٹرک سے ٹکرا گئی

مسقط (جی این ایم) عمان میں مسافر بس اور دو ٹرکوں کے درمیان ہونے والے المناک ٹریفک حادثے میں چار افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہو گئے۔ حادثہ ——(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7پر)

الیکشن نتائج میں ردوبدل کیس، سابق اسسٹنٹ کمشنر کی ضمانت منظور

سکھر (اے این این) الیکشن نتائج میں ردوبدل کیس میں سابق اسسٹنٹ کمشنر ماجد ماکو کی ضمانت ——(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812092472 - 03318383955